سلطنت آف عمان کی کل آبادی 2.69 ملین ہے 2010 کی مردم شماری کے مطابق تین نسلی اقوام پر مشتمل ہے۔ جن میں عرب، بلوچ اور زنجباری قومیں آباد ہیں۔ جس کا 30 فیصد بلوچ نژاد عمانی پاکستان کے صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں جو یہاں تقریباً ایک صدی سے آباد ہیں۔ سلطنت عمان کا رقبہ 500,309 مربع کلومیٹر اور ساحلی پٹی 3,165 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔ 2011 کے اعداد و شمار کے مطابق فی کس آمدنی 2050 امریکی ڈالر ہے۔ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ پٹرول اور قدرتی

موجودہ سلطان قابوس نے 23 جولائی 70ء کو حکمرانی کا تخت سنبھالا

ذرائع کے بہت وسیع ذخائر موجود ہیں۔ آبادی کا آبائی پیشہ زراعت اور ماہی گیری ہے۔

جب موجودہ میجسٹی سلطان قابوس بن سعید نے 23 جولائی 1970 کو سلطان سعید کی جگہ حکمرانی کا تخت سنبھالا انہوں نے جرأت مندانہ اقدامات کر کے آئل کے تمام ذخائر اور تیل پیدا کرنے والی کمپنیوں کو حکومتی تحویل میں لے کر قومی ترقی و خوشحالی کی بنیاد رکھی۔ اس سے قبل برٹش پٹرولیم کمپنی ہی آئل کے ذخائر پر قابض تھی۔ حکومت کو صرف ایک ڈالر بیرل دیا کرتی تھی۔ 1980ء میں ملک کی اقتصادی معاشی اور معاشرتی ترجیحات کا تعین کر کے خارجہ



مدبر لیڈر شپ ہیز میجسٹی سلطان قابوس بن سعد آل سعید
سلطان آف سلطنت آف عمان



سلطان قابوس میں بڑی جامعہ مسجد مسقط کا خوبصورت منظر

سلطنت آف عمان کے وزراء ایک تقریب میں



ینگ لیڈر شپ فہد بن محمود آل سعید
ڈپٹی پرائم منسٹر سلطنت آف عمان

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری سلطنت آف عمان کے دورہ
کے دوران مسقط کے خوبصورت مقام موترا کارنیش پر موجود ہیں

منسٹری آف مین پاور کی منعقدہ کانفرنس میں شرکاء کی جھلک



سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری
اور یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ہمراہ

تعلقات، بیرونی تجارت اور داخلی اصلاحات کر کے بیرون ممالک کے ساتھ آزادانہ تعلقات اور تجارت کے دروازے کھولے گئے۔ 40 سال سے مختصر عرصے میں ہیز میجسٹی سلطان قابوس بن سعید کی ولولہ انگیز مدبرانہ قیادت میں ایک ترقی یافتہ جدید عمان دنیا کے نقشے پر ابھرا ہے۔ آج سلطنت عمان دنیا کا جدید ترقی یافتہ ملک ہے جو دنیا بھر کے سیاحوں، تاجروں، سرمایہ کاروں کیلئے جنت نظیر ملک ہے۔

قارئین میری بڑی خواہش تھی کہ سلطنت آف عمان کا دورہ کروں اور وہاں کے تاریخی مقامات دیکھوں آخرکار میری یہ خواہش پوری ہوئی اور میں سلطان قابوس کے دیس پہنچ گیا۔ میرے بہت عزیز دوست یہاں موجود ہیں۔ جو کافی عرصہ سے مجھے عمان آنے کی دعوت دیتے رہے مگر میری صحافتی مصروفیات کچھ اس قسم کی تھیں کہ میں چاہتے ہوئے بھی نہ آسکا۔ حالانکہ یو اے ای میرا اکثر آنا جانا لگا رہتا ہے اور آج مجھے بہت مسرت ہو رہی ہے جب میں سلطان قابوس کے اس خوبصورت دیس میں موجود ہوں۔

سلطان قابوس نے آئل کے تمام دفاتر اور تیل پیدا کرنے والی کمپنیوں کو حکومتی تحویل میں لے کر سلامتی و خوشحالی کی بنیاد رکھی

قارئین تھائی ایئر کے بارے میں بتاتے چلیں تھائی ایئر لائن ٹورازم کے فروغ میں نہایت اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ تھائی ایئر خوبصورت و جدید جہازوں کے ذریعے مسافروں کو بہت آرام دہ سہولتیں فراہم کر رہی ہے۔ کراچی میں میرے بہت ہی پیارے دوست یحییٰ پولانی (چیئرمین ٹیپ) نے تھائی ایئر کے کنٹری منیجر کو فون کر کے تھائی ایئر پر راقم کے مسقط جانے کی اطلاع دی تو انہوں نے ایئر پورٹ پر اپنے سٹاف کو ہدایت کر دی۔ سٹاف نے نہ صرف اچھا برتاؤ کیا بلکہ پروٹوکول دے کر جہاز میں بہت اچھی ونڈو سائیڈ دی آئی پی سیٹ دی۔ دوران سفر تھائی ایئر کی جوان خوبرو ایئر ہوسٹس نے کھانے اور مشروبات کے حوالے سے بہت خیال رکھا۔ ان کی دل موہ لینے والی مسکراہٹیں مسافروں کے ہوائی سفر کو سنگ مرجاں بنا رہی تھیں۔ روایتی انداز میں مسافروں کی تواضع کر رہی تھیں۔ بعض مسافروں کے بار بار بلانے کے باوجود ان کی


ہر دلعزیز نوجوان سفارتکار احسن واگان
ڈپٹی ہیڈ آف مشن پاکستان ایمبیسی مسقط


کیپٹن ناہید انور چیمہ ڈیفنس اتاشی پاکستان ایمبیسی
یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ہمراہ


سیکرٹری ٹو ایمبیسیڈر لودھی یوتھ انٹرنیشنل میگزین
کا مطالعہ کرتے ہوئے

غلام قادر ویلفیئر آفیسر ایڈیٹر انچیف
محمد صدیق القادری کے ہمراہ

موجودہ پاکستان ایمبیسی عمان چھوٹے سے بنگلے میں


ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری سلطنت آف عمان مسقط کے پرفضا مقام پر

محمد سعید خان وائس چیئرمین پاکستان سوشل کلب ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری
کو پاکستان ایمبیسی میں کمیونٹی کے مسائل بتا رہے ہیں

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری مسقط میں مقیم سکھ کمیونٹی کی تقریب میں

پاکستان ایمبیسی کے ہال میں لوگوں کے بے پناہ رش کا منظر

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے دورہ سلطنت آف عمان کی تصویری جھلکیاں

ہیز میجسٹی سلطان قابوس کی جرأت مندانہ مدبرانہ قیادت میں 40 سال کے مختصر عرصے میں ترقی یافتہ جدید عمان دنیا کے نقشے پر ابھرا: محمد صدیق القادری

مسکراہٹیں سفر کے ماحول کو مزید خوشگوار بنا رہی تھیں۔ بہت اچھے جہاز ہونے کی وجہ سے مسافر اس ایئر لائن پر سفر کو ترجیح دیتے ہیں۔ تھائی ایئر لائن کے موجودہ کنٹری منیجر کی انتھک ذاتی کوششوں سے تھائی ایئر پاکستانیوں میں مقبول ترین ایئر لائن بن گئی ہے۔ ہم ڈھائی گھنٹے کی مسافت سے عمان کے انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر موجود تھے۔ فلائٹ بروقت تھی پاکستانی، یورپی، عربی مسافروں اور فیملیز کی بڑی تعداد جہاز میں میرے ہم سفر تھیں۔ اتفاق سے میرے ساتھ یورپ سے تعلق رکھنے والی خوبرو سنہری بالوں والی حسینہ بیٹھی تھی۔ جو غالباً عمان کی سیاحت کیلئے آئی تھی۔ دوران سفر اس نے اپنا تعارف کراتے ہوئے بتایا اس کا تعلق یو کے سے ہے وہاں ایڈورٹائزنگ کمپنی چلا رہی ہے۔ جب میں نے اسے بتایا کہ میرا تعلق پاکستان سے ہے تو وہ چونکی پاکستان۔؟۔۔ جو دنیا میں بم اور بارود سے مشہور ہے۔ میں نے کہا ایسا نہیں ہے۔ پاکستانی بڑے پرامن، مہمان نواز لوگ ہیں یہ بمبار اور بارود امریکہ، یورپ، اسرائیل اور انڈیا کی طرف سے تحفہ میں مل رہے ہیں۔ یہ پاکستان کے خلاف عالمی سازش ہے جس سے پاکستان اور پاکستانیوں کی بدنامی کی جارہی ہے۔ اس نے حیرانگی سے مسکراتے ہوئے سر ہلایا راقم نے اسے دعوت دی کہ آپ پاکستان آئیں اپنی خوبصورت آنکھوں سے دیکھیں کہ پاکستانی کتنے پرامن اور اچھے مہمان نواز ہیں۔ پاکستان دنیا کا کتنا خوبصورت ترین ملک ہے۔ اس نے اپنی حسین مسکراہٹ کے ساتھ میری دعوت اور دوستی قبول کر لی۔

سلطنت آف عمان کے صحرا کا خوبصورت منظر

عمان چیمبر آف کامرس خلیل عبداللہ الخنجونسی کی قیادت میں تجارتی سرمایہ کاری تعلقات کے فروغ میں کافی پیش رفت ہوئی ہے: ایڈیٹر انچیف

قارئین مسقط کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر راقم کو لینے کیلئے دوست موجود تھے۔ میرا قیام مسقط کے فائیو سٹار ہوٹل میں تھا۔ مجھے مسقط ایئر پورٹ میں بڑی تیزی سے تعمیرات ہوتی نظر آئیں۔ یہ ایئر پورٹ بہت جلد جدید ترین سہولتوں سے آراستہ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا درجہ حاصل کر جائے گا۔ ایئر پورٹ سے مسقط شہر تک اردگرد بڑے بڑے پراجیکٹ پر کام ہوتا نظر آیا۔ ریکارڈ تعمیراتی کاموں کو دیکھ کر مجھے سلطان قابوس کی اپنے عوام کیساتھ محبت اور انہیں پر آسائشات زندگی کی فراہمی کی جھلک نظر آرہی تھی۔

قارئین سلطنت آف عمان کے ہیز میجسٹی سلطان قابوس بڑے دانشمند، دوراندیش، نیک دل، مدبر حکمران ہیں جو اپنی رعایا کو زندگی کی تمام تر جدید سہولتوں کی فراہمی میں گہری دلچسپی لے رہے ہیں۔ انہوں نے عمان کے عوام کو فہد بن محمود السعید ڈپٹی پرائم منسٹر کی شکل میں خوبصورت ینگ لیڈر شپ دی ہے۔ وہ بہت ایکٹو ہیں ٹورازم کے فروغ، بین الاقوامی سرمایہ کاری، بین الاقوامی تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے میں بڑے اچھے اقدامات کر رہے ہیں جس کی بنا پر سلطنت آف عمان دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہے۔

قارئین سلطنت آف عمان کے ساتھ پاکستان کے انتہائی برادرانہ قریبی تعلقات صدیوں پرانے ہیں۔ قارئین سلطنت آف عمان جغرافیائی لحاظ سے بہت اہمیت کا حامل ملک ہے۔ جزیرہ نما عرب کے مشرقی کنارے خلیج فارس پر آبنائے ہرمز کے ساتھ واقع ہے تمام خلیجی ریاستوں کی گزر ہونے کی بنا پر اقتصادی، دفاعی لحاظ سے اہم ترین خطہ ہے۔ اس وجہ سے یورپ اور امریکہ کیلئے اس ملک کی بہت اہمیت ہے۔ 1960 سے پہلے گوادر سلطنت آف عمان کا حصہ تھا۔ جو پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع میں ہونے کی بنا پر اس وقت کے سلطنت عمان کے حکمران سلطان سعید بن تیمور کے خیر سگالی جذبہ سے ایوب خان کی گراں قدر کوششوں سے پاکستانی حدود میں شامل کیا گیا۔ گوادر اور آبنائے ہرمز اقتصادی و دفاعی لحاظ سے بہت اہمیت کے ایریا ہیں۔ موجودہ حاکم ہیز میجسٹی سلطان قابوس بن سعید پاکستان اور پاکستانیوں سے بے پناہ محبت وعقیدت کے جذبات رکھتے ہیں۔ پاکستان کیساتھ ہر شعبہ زندگی میں تعلقات کو مزید آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ سلطنت عمان میں دو لاکھ 28 ہزار لیگل پاکستانی مقیم ہیں۔ ہیز میجسٹی نے 5 ہزار سے زائد پاکستانی بلوچیوں کو عمانی نیشنلٹی دے کر پاکستان دوستی کا عظیم ثبوت دیا ہے۔ ہمیشہ علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری مسقط کے خوبصورت ریسٹورنٹ میں اپنے دوست محب وطن پاکستانی شاہد چٹھہ کے ہمراہ

آج سلطنت آف عمان دنیا بھر کے سیاحوں، تاجروں، سرمایہ کاروں کے لئے پرکشش جنت نظیر ملک ہے: ایڈیٹر انچیف

فقیر نادر البلوچی کی سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کے اعزاز میں پروقار تقریب کی تصویری جھلکیاں

بلوچ کمیونٹی کی طرف سے سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کو گفٹ پیش کیا جارہا ہے ساتھ فقیر نادر البلوچی موجود ہیں

تقریب میں ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کو ''عمان کے موتی'' کتاب پیش کی جارہی ہے

بلوچ شخصیت کو کتاب پیش کی جارہی ہے

علی رئیسانی کو کتاب پیش کی جارہی ہے

بلوچ کمیونٹی کی طرف سے سید فیاض علی شاہ کو تحفہ پیش کیا جارہا ہے

صدر پاکستان کلب اخمت حیات راجہ کو کتاب پیش کی جارہی ہے

مشہور شاعر مروت احمد کو شیلڈ پیش کی جارہی ہے

سفیر پاکستان شیلڈ پیش کررہے ہیں

پاکستانی نژاد عمانی بلوچیوں کی تقریب میں سفیر پاکستان کو سپاسنامہ پیش کیا جارہا ہے

تقریب میں شریک مہمان


سید فیاض علی شاہ نوجوان جرنلسٹ شہزاد رضا کو کتاب پیش کررہے ہیں

چیف آف بلوچ کمیونٹی فقیر نادر البلوچی کی سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی، نامور بزنس مین فیاض علی شاہ اور ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے اعزاز میں پروقار عشائیہ ڈنر کے موقع پر ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والی بلوچی، پاکستانی کمیونٹی کی بھرپور شرکت

عمان میں محنتی جفاکش پاکستانی مین پاور کی بہت ڈیمانڈ ہے

تعلقات آگے بڑھانے میں خاصے سرگرم ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایمبیسی پاک عمان برادرانہ تعلقات کو بڑھانے اور کمیونٹی کی خدمت میں بھرپور کام کررہی ہے۔ میرے آبائی ضلع سے تعلق رکھنے والے پاکستان نیوی کے کیپٹن ناہید انور چیمہ ڈیفنس اتاشی سے ملاقات ہوئی جو بڑے جہاندیدہ، محبّ وطن، ملنسار، انسان ہیں۔ ڈیفنس کے شعبے میں پاک عمان تعلقات کے فروغ میں سرگرم ہیں۔ اچھا اخلاق ہونے کی بنا پر انہیں کمیونٹی میں اچھے الفاظ میں یاد کیا جاتا ہے۔

قارئین! پاکستان ایمبیسی میں شاہد جاوید کمیونٹی ویلفیئر اتاشی ہیں۔ پولیس افسر ہیں ایمبیسی میں بھی ان کی پولیس افسری بڑی نمایاں نظر آئی۔ میری خواہش تھی لیبر، قیدیوں اور اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز اور دیگر اہم مسائل پر ان کے ساتھ کھلی کچہری کروں مگر موصوف کچھ زیادہ مصروف تھے۔ سلطنت آف عمان میں دو لاکھ 28 ہزار پاکستانی کمیونٹی ہے زیادہ تر کمیونٹی کا تعلق لیبر طبقے سے ہے۔ وائیٹ کالر جاب پر بہت کم پاکستانی ہیں۔

پاکستان ایمبیسی عمان ایک چھوٹے سے بنگلہ میں ہے کمیونٹی کی تعداد بڑھنے سے جگہ کم ہوگئی ہے۔ سٹاف بھی کم ہے وسائل بھی محدود ہیں جس کی وجہ سے مسائل ہی مسائل ہیں۔ نادرا پاسپورٹ بنوانے والوں کے مسائل ہیں ڈیڈ باڈی لے جانے اور آؤٹ پاس بنوانے والوں کو بے شمار تکالیف دیکھنے میں آئیں۔ ویلفیئر ونگ ایک کچن خانے میں ہے۔ سٹاف کم اور رش زیادہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو چلاتے اور شور کرتے دیکھا۔ راقم نے ویلفیئر اتاشی کو اتنا مصروف دیکھا کہ ان کے پاس فون سننے کی بھی فرصت نہیں کمپنیوں کی لیبر، ڈیمانڈ کو تصدیق، تحقیق کر کے بھیجنے کی فرصت نہیں۔ جس کی وجہ سے بوگس ڈیمانڈ پرور کر آرہے ہیں۔ بعض کمپنیوں کے ویزے ضرور ہیں مگر کام نہیں ورکرز مجبوراً دوسری جگہوں پر کام کرتے ہوئے پکڑے جاتے ہیں تو بھاری جرمانہ یا جیل اور پھر ڈی پورٹ اور پھر پاکستانی ایئرپورٹ پر FIA والوں کے مزے۔ جو لیبر ایگریمنٹ کے بغیر آرہی ہے بعض کمپنیاں تنخواہیں کم دیتی ہیں۔ بعض 6 ماہ تک تنخواہیں نہیں دیتی لوگ مجبوراً کمپنیاں چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔ دوسری جگہوں پر غیر قانونی کام کرتے ہیں۔ جب پکڑے جاتے ہیں تو ان کے روشن مستقبل کے سارے خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں۔ افسوس ناک خبر یہ ہے کہ ان لیگل امیگریشن کی آمد سے کریمنل لوگ یہاں آکر پاکستان کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں ان لیگل مین پاور کو روکنا پاکستان کے قومی مفاد میں ہے حکومت پاکستان کو سختی کے ساتھ اقدامات کرنے چاہئیں ان لیگل امیگریشن کے مافیا کے خلاف آہنی ہاتھوں سے ایکشن لینے کی ضرورت ہے۔

میری مختلف حکام سے ہونے والی ملاقات کے بعد ظاہر ہوا ہے خدانخواستہ اگر حکومت پاکستان نے حسبِ سابق روایات ایکشن نہ لیا تو مجبوراً عمانی حکومت سخت ترین ایکشن لینے پر مجبور ہو جائے گی جس سے پاکستان کے مفادات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

قارئین! خوشخبری یہ ہے ہیز میجسٹی سلطان قابوس نے پاکستان ایمبیسی کی تعمیر کیلئے ایک پلاٹ عطا کیا ہوا ہے۔ جو کافی دیر سے خالی پڑا ہے۔ اگر ایسی حالت میں رہا تو عین ممکن ہے۔ حکومت عمان یہ پلاٹ کینسل کر دے، بعض ایمبیسیوں کے پلاٹ کینسل بھی ہو گئے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت پاکستان وزارت خارجہ فوری طور پر الاٹ کیے گئے خالی پلاٹ پر پاکستان ایمبیسی کی تعمیر کا آغاز کرے۔ مجھے پاکستانی کمیونٹی عمان نے بڑے جوش و جذبے سے یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ ایمبیسی کے پلاٹ پر عطیات کے ذریعے جدید ترین سہولتوں پر مشتمل پاکستان ایمبیسی عمان کی عمارت تعمیر کرنے کیلئے تیار ہیں۔ جدید وسیع و عریض ایمبیسی کی تعمیر سے کمیونٹی کے بہت زیادہ پرابلم حل ہو جائیں گے۔ دیگر ممالک میں پاکستان کی اچھی پہچان میں دیدہ زیب اضافہ ہوگا۔ سلطنت آف عمان میں سلالہ مسقط سے گیارہ سو کلومیٹر دور ہے جہاں پاکستانیوں کی تعداد 80 ہزار کے قریب ہے۔ وہاں حکومت پاکستان کو قونصلیٹ بنانا چاہئے۔ لوگوں کو نادرا، پاسپورٹ بنوانے اور دیگر کام کروانے کیلئے تین دن کی چھٹی لے کر مجبوراً مسقط آنا پڑتا ہے۔ کرایہ اور ہوٹل میں ٹھہرنے کی بنا پر ان بیچاروں کی ایک ماہ کی تنخواہ خرچ ہو جاتی ہے۔ حکومت پاکستان کیلئے ضروری ہے کہ وہاں سلالہ میں پاکستانیوں کے مسائل حل کرے۔

قارئین! راقم کو پاکستان ایمبیسی میں سلالہ آنے والے پاکستانیوں نے بتایا وہاں فضل حسین نامی شخص زبردستی پاکستان کلب سلالہ کے نام سے 3 عمانی ریال زائد لے رہا ہے۔ لوگوں نے 3 عمانی ریال حبیب بنک میں جمع کرانے کی رسیدیں بھی دکھائی ہیں۔

سوال یہ ہے کہ وہ کس اتھارٹی کی اجازت سے عمانی ریال ورکرز سے وصول کر کے اپنے ہم وطن غریب ورکرز کو زبردستی لوٹ رہا ہے۔ ایمبیسی آف پاکستان کو فوراً پاکستان کلب کے نام پر ورکرز سے زبردستی لوٹ کھسوٹ کا نوٹس لینا چاہیے۔ غریب ورکرز سے لوٹی گئی رقوم کو انہیں واپس کرانا چاہیے۔ آئندہ غیر قانونی فنڈ لینے پر پابندی لگانی چاہیے۔

پاکستان سوشل کلب مسقط کے حوالے سے کمیونٹی کو شکایات ہیں کمیونٹی نے سوشل کلب کو غیر فعال قرار دیتے ہوئے سفیر پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ سوشل کلب کو کمیونٹی کی سرگرمیوں کیلئے فعال کیا جائے۔ کمیونٹی میں گروپ بندی کی بجائے اتحاد یکجہتی کو فروغ دیا جائے۔ سوشل کلب کے عہدیداروں کو کمیونٹی کے مسائل حل کرانے کیلئے متحرک کیا جائے کمیونٹی کی سوشل کلچرادبی سماجی مذہبی ثقافتی، تعلیمی تقریبات میں اضافہ کیا جائے۔ پاکستان ایمبیسی کے زیر کنٹرول تعلیمی اداروں کی طرف توجہ دے کر معیار تعلیم میں اضافہ کیا جائے۔ بے لوث خدمت کا جذبہ رکھنے والوں کو بورڈ آف گورنرز مقرر کیا جائے۔

سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کے اعزاز میں فقیر نادر البلوچی کا خوبصورت دعوتی ڈنر

سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی بلوچ ہونے کے ناطے عمان بلوچوں اور پاکستانیوں میں بے حد مقبول ہیں۔ بحیثیت سفیر پاکستان انہوں نے پاکستانی نژاد عمانی بلوچوں جن کی تعداد 5 ہزار کے قریب ہے پاکستان آنے جانے کیلئے ملٹی پل ویزے جاری کر کے بہت اچھی سہولت دے کر عمان نیشنل بلوچیوں کے دلوں کو جیت لیا ہے۔ بلوچ کمیونٹی کے چیف فقیر نادر البلوچی نے مسقط سے 103 کلومیٹر دور مصیحہ میں اپنے خوبصورت فارم ہاؤس میں سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کی خدمات کے اعتراف میں پرتکلف دعوتی ڈنر کا اہتمام کیا اس خصوصی ڈنر میں عمان کے بلوچوں کی اہم شخصیات شریک تھیں۔ مہمانوں کی روایتی عمانی، بلوچی اور پاکستانی کھانوں سے تواضع کی گئی۔ اس تقریب میں سلطنت آف عمان کے مشہور و معروف بزنس مین شخصیت ہمارے دوست سید فیاض علی شاہ چیئرمین فیاض انٹرنیشنل عمان خاص مہمان کے طور پر مدعو تھے۔ سید فیاض علی شاہ سے تفصیلی ملاقات ہوئی آپ بڑے زندہ دل، ہنس مکھ شخصیت ہیں۔ پاکستان سے آنے والوں کی بھرپور مہمان نوازی کرتے ہیں۔ تقریب میں خطبہ استقبالیہ میں سفیر پاکستان برائے عمان کی خدمات کو زبردست سراہا گیا۔ نوابزادہ امین اللہ رئیسانی

بھرپور ساتھ دیا ہے۔ مجھے نہایت افسوس اور دکھ کیساتھ یہ کہنا لکھنا پڑ رہا ہے کہ ہماری حکومتوں، بیوروکریسی، تاجروں، صنعت کاروں، ایکسپورٹروں اور تجارتی تنظیموں نے اس خوبصورت دیدہ زیب پاکستان دوست ملک سلطنت آف عمان کی طرف عملاً کوئی توجہ نہیں دی جو خصوصی توجہ دی جانی چاہیے تھی تاکہ پاک عمان تجارتی، اقتصادی، معاشی، سیاحتی اور سرمایہ کاری کے حوالے سے تعلقات میں بہت اضافہ ہوتا۔ خلیج کا یہ ملک پاکستانی مصنوعات کی بہت بڑی منڈی ہوتا۔ مجھے حالیہ دورہ عمان کے دوران یہاں برق رفتار ترقی و خوشحالی دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ بڑی بڑی مارکیٹوں میں پاکستانی مصنوعات اور پروڈکٹس کی بہت کمی دیکھی گئی۔ ہماری وزارت تجارت، ٹریڈ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی، انویسٹمنٹ بورڈ، وفاقی چیمبرز سے خصوصی گزارش ہے کہ وہ اعلیٰ سطح کے تاجروں، سرمایہ کاروں کے وفود لے کر عمان جائیں وہاں پاکستانی پروڈکس اور مارکیٹنگ کیلئے سیمینار اور کانفرنس کروائیں عمان میں پاکستانی مصنوعات کی بڑی کھپت موجود ہے جو دبئی کے ذریعہ یہاں آرہی ہیں۔ انڈین اور دیگر ملکوں کی اشیاء کی بھرمار ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت پاکستان عمان میں ٹریڈ اتاشی مقرر کرے۔ سرمایہ کاری بورڈ کو متحرک کرے۔ ٹریڈ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی، پاکستان کے چیمبرز اور عمان چیمبرز کے تعاون سے پاکستانی مصنوعات کی نمائشیں لگائی جائیں۔ ان فوری اقدامات سے دونوں ملکوں کے مابین تجارتی تعلقات بڑھائے جاسکتے ہیں۔ پہلے عمان ٹیلی کام نے پاکستان میں ورلڈ کال میں انویسٹمنٹ کی۔ بنک آف مسقط نے پاک سعودی بنک خرید کر دوبارہ ری سٹیبلش کر کے SALK بنک قائم کیا۔ پاکستان سے رائس اور فروٹ کی یہاں بہت ڈیمانڈ ہے۔ اس سے قبل عمان نے پاکستان سے 80 ہزار ٹن کی بہت بڑی ڈیمانڈ رائس ملز کا وزٹ کر کے باقاعدہ ایگریمنٹ کے ذریعے امپورٹ کی۔ عمان کے ساتھ تعلقات مزید بڑھانے کیلئے ہماری ٹورازم کے فروغ کیلئے پاک عمان ٹورازم کمپنی بنانے سے پاکستان کو امریکہ اور یورپ کے سیاحوں کی آمد سے بہت منافع اور فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔ مین پاور ایکسپورٹ بڑھانے سے حکومت پاکستان فوری طور پر ڈی جی بیورو کی قیادت میں لیڈنگ ایمپلائمنٹ پروموٹرز کا وفد عمان بھجوائے، لیگل مین پاور کے ذرائع پیدا کرنے کیلئے عمان میں سیمینار کانفرنس کروائی جائے، CWA کو متحرک کرنے سے پاکستان مین پاور ایکسپورٹ میں لیگل لیول پر 5 لاکھ تک ڈیمانڈ بڑھا سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں ہماری اعلیٰ قیادت کو عمان کا وزٹ کرنا چاہیے۔

قارئین سلطنت آف عمان کے وزٹ کے دوران راقم الحروف کی عمان کی کئی اہم شخصیات سے ملاقاتیں ہوئیں جنہوں نے کھل کر پاکستان کے ساتھ برادرانہ تعلقات بڑھانے کی خواہش کا ذکر کیا۔ وہاں انہوں نے ان لیگل لوگوں کی عمان آمد روکنے پر زور دیا۔ کیونکہ ان لیگل امیگریشن اور جرائم پیشہ کریمنل لوگوں کی وجہ سے کئی مسائل پیدا ہو رہے ہیں جس سے لیگل امیگریشن کی حق تلفی ہو رہی ہے۔ حکومت پاکستان خصوصاً بلوچستان حکومت کو عمان آنے والی ان لیگل امیگریشن روکنے کیلئے سخت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ وزارت داخلہ اور دیگر ایجنسیوں کی طرف سے ان لیگل امیگریشن روکنے سے یہاں قانونی ذرائع سے بہت زیادہ ملازمتوں کے مواقع مل سکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں پاکستان ایمبیسی کو بھی جرأت مندانہ کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ پاکستانی کمیونٹی کی تعداد اور عزت و وقار میں اضافہ ہو۔

پاکستانی تاجروں ایکسپورٹروں، سرمایہ کاروں کیلئے اچھی خبر یہ ہے کہ عمان چیمبرز آف کامرس کے صدر خلیل بن عبداللہ الخونجی کی مدبرانہ قیادت میں ٹریڈ، انویسٹمنٹ، ٹورازم کی ترقی میں قابل تعریف کام کر رہا ہے۔ عمان چیمبرز بین الاقوامی دنیا کے ساتھ تعلقات تجارتی، سرمایہ کاری تعلقات بہتر بنانے میں بہت ایکٹو ہے۔

قارئین میرے لیے یہ خوشگوار خبر تھی۔ ہمارے بلوچستان کے نامور محبّ وطن سیاستدان نواب غوث بخش رئیسانی چیف آف جاردان (مرحوم) جن کے ساتھ راقم الحروف کی طالب علم لیڈری کے دوران خاص عقیدت تھی ملاقاتیں ہوتی تھیں۔ ان بلوچ سیاستدانوں میں سینیٹر میر نبی بخش زہری، سردار ڈوڈا خان زہری، سینیٹر نواب زادہ شیخ عمر، میر قادر بخش زہری، نواب اکبر بگٹی، نوابزادہ سلیم بگٹی، جمالی، جام غلام قادر آف لسبیلہ دیگر بلوچ لیڈروں کے ساتھ اچھے تعلقات تھے۔ جب سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کو میری سلطنت آف عمان آمد کا علم ہوا تو انہوں نے اپنے سیکرٹری لودھی صاحب کے ذریعے چائے پر مدعو کیا بلکہ گاڑی بھی لینے کیلئے بھجوائی۔

سفیر پاکستان نوابزادہ امین رئیسانی سے جب ملاقات ہوئی ان کی گفتگو میں اپنے والد محترم کی جھلک نمایاں نظر آئی۔ آپ بڑے زندہ دل، باغ و بہار شخصیت کے مالک ہیں۔ علاقائی، بین الاقوامی سیاست اور انٹرنیشنل ریلیشن میں انہیں زبردست نالج ہے۔ کھلے دل کے مالک اور محفل کے بادشاہ ہیں۔ جو انہیں ایک بار مل لے انہی کا گرویدہ ہوجاتا ہے۔ اپنی خوبیوں کی بنا پر بہت اچھے منجھے ہوئے سفارت کار ثابت ہوئے ہیں بحیثیت سفیر سلطنت آف عمان انہوں نے پاک عمان برادرانہ تعلقات کے عملی فروغ میں قابل تعریف اقدامات کیے ہیں۔ عمانی اور پاکستانی کمیونٹی سے براہِ راست روابط ہونے کے ناطے میں بہت پاپولر سفیر ہیں۔ راقم نے سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کا خصوصی انٹرویو کیا جو اسی شمارے میں علیحدہ شائع کیا گیا ہے۔ قارئین گزشتہ 25 سال کے دوران اسلام آباد میں سلطنت آف عمان کے سارے سفیروں سے راقم الحروف کے بہت اچھے تعلقات رہے ہیں۔ پاک عمان برادرانہ تعلقات کے فروغ میں بحیثیت انٹرنیشنل صحافی قابل داد میرا ایک رول ہے۔

پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی دونوں برادر ملکوں کے مابین تجارتی اقتصادی تعلقات کے فروغ میں بہت اچھا کردار ادا کر رہی ہے

قارئین! میرے بہت ہی پیارے دوست جاوید نواز جن کا شمار نامور قابل فخر پاکستانیوں میں ہوتا ہے۔ انہیں پاکستان میں سارے اوورسیز پاکستانیز کنونشن میں سلطنت آف عمان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل ہے۔ پاکستان کے اعزازی انویسٹمنٹ قونصلر اور پاکستان کلب مسقط کے چیئرمین رہے اپنا قیمتی وقت نکال کر راقم کو ملنے میرے رہائشی ہوٹل میں آئے۔ تفصیلی ملاقات ہوئی۔ پرانی یادیں تازہ ہوئیں۔ البتہ ہمارے قابل احترام دوست حاجی عبدالستار جو ایگری کلچر کے شعبے میں ہیز میجسٹی سلطان قابوس کے ایڈوائزر رہے۔ حال ہی میں ریٹائرڈ ہوئے۔ انہیں بھی اوورسیز پاکستانیز کنونشن میں سلطنت آف عمان کی نمائندگی کا اعزاز حاصل ہے۔ بیرون ملک ہونے کی وجہ سے راقم ملاقات کے شرف سے محروم رہا۔ پی آئی اے کے عمان میں موجودہ منیجر بشیر الدین خان جو پہلے العین میں پی آئی اے کے منیجر رہے اس وقت سے دوستی ہے۔ انہوں نے اپنے آفس میں خوبصورت چائے کا اہتمام کیا۔ پرانی باتیں تازہ ہوئیں بحیثیت منیجر پی آئی اے عمان قومی ایئرلائن کو پروموٹ کرنے میں قابل تعریف کام کر رہے ہیں۔

قارئین پاکستان ایمبیسی عمان میں وزٹ کے دوران راقم کی ملاقات ڈپٹی ہیڈ آف مشن احسن واگان سے ہوئی۔ جو ایک نوجوان باصلاحیت سفارت کار ہونے کے ناطے پاک عمان برادرانہ

نے اپنی بلوچی زبان میں کی گئی تقریر میں بلوچ کمیونٹی کو پاکستان کا قابل فخر اثاثہ قرار دیتے ہوئے کہا پاکستان کو آپ بلوچیوں پر فخر ہے پاکستان کو آپ کے زرمبادلہ اور سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ مضبوط اور خوشحال پاکستان ہم سب کے فائدے میں ہے۔ حاضرین نے نوابزادہ رئیسانی صاحب کی نظم کو لوگوں نے بہت پسند کیا کمپیئرنگ کے فرائض خاتون شاعرہ محترمہ ادیبہ عذرا علیم نے نہایت خوبصورتی سے انجام دیے۔ مسقط میں نوجوان پاکستانی جرنلسٹ شہزاد رضا' جناب مروت احمد نے اپنا کلام سنا کر حاضرین سے داد لی۔ تقریب میں بلوچ کمیونٹی کی طرف سے سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کو یادگار شیلڈ پیش کی گئی۔ ایک شیلڈ سید فیاض علی شاہ کو پیش کی گئی۔ عمان کے نامور عربی شاعر سید الصفلادی کی شاعری پر مشمل ڈاکٹر سعید بشیر احمد کے اردو ترجمہ کے ساتھ نادر کتاب ''عمان کے موتی'' نامی کتاب جو چند خوبصورت نظموں، غزلوں اور گیتوں پر مشتمل ہے راقم الحروف، علی رئیسانی و دیگر شخصیات کو پیش کی گئی۔ پاکستان سوشل کلب کے کئی عہدیدار بھی موجود تھے۔

تقریب میں میزبان فقیر نادر البلوچی سے ملاقات ہوئی آپ اچھے ملنسار مہمان نواز انسان ہیں۔ پاکستانی کمیونٹی کو پروموٹ کرنے میں قابل تعریف خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس خوبصورت تقریب میں راقم کو لیجانے کا سہرا سفیر پاکستان کے سر ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر گاڑی بھجوائی ان کے ساتھ مجھے اس خوبصورت تقریب میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ بلوچ کمیونٹی کی طرف سے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی کی خوشگوار یادیں ہمیشہ ساتھ رہیں گی۔

راقم کی پاکستانی کمیونٹی عمان کی کئی شخصیات سے ملاقات کی ان میں پاکستان کلب مسقط کے چیئر مین اخمت حیات راجہ، وائس چیئر مین محمد سعید خان، اتفاق گروپ کے میاں محمد منیر، حاجی عبدالرحمان ، چودھری الیاس، حافظ نعیم، میڈم عذرا علیم، محمد کلیم معروف شاعر مروت احمد، محمد مشتاق تارڑ اور دیگر پاکستانیوں سے ملاقاتیں ہوئیں۔ البتہ چوہدری اسلم وعدہ کے باوجود ہوٹل ملنے نہیں آسکے ہمارے بہت اچھے دوست شاہد چٹھہ نے اپنے ویلج ریسٹورینٹ میں خوبصورت دعوت کا اہتمام کیا ان کے لذیز مزے دار پرذائقہ ڈشوں نے مسقط وزٹ کا مزہ دوبالا کردیا۔ ان سب پاکستانیوں کے خیالات میں حب الوطنی، پاکستانیت کی خوشبو تھی اور پاکستان کیلئے بے لوث خدمت کا جذبہ موجزن تھا۔ حکومت پاکستان سے مطالبہ تھا کہ پاکستان میں فوری طور پر اوورسیز پاکستانیز کا ورلڈ وائیڈ کنونشن بلایا جائے جس میں اوورسیز پاکستانیز کے مسائل کا حل تلاش کیا جائے قومی امور میں اوورسیز پاکستانیز کی خدمات سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جائے۔

قارئین! میرے بہت ہی پیارے قابل فخر محبّ وطن دوست محمد ابراہیم حاجی جن کے ساتھ راقم کے 1991ء سے بڑے دوستانہ تعلقات ہیں اس وقت کے یواے ای میں سفراء امیر عثمان، منصور عالم، عبدالرزاق سومرو کے ہمراہ العین کے وزٹ کے دوران حاجی ابراہیم کی میزبانی سے مستفیض ہوتے رہے ان کے بڑے صاحبزادے میاں محمد اقبال جو مسقط میں معروف پاکستانی تاجر ہیں ان کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ تھی راقم کسی اور میٹنگ میں مصروف ہونے کی وجہ سے شریک نہ ہوسکا یہ دعوت ولیمہ مسقط کے بہت بڑے گلستان پیلس میں تھی جسکی کمیونٹی میں بہت دھوم تھی ولیمہ کی تقریب میں سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسائی سمیت سفارت کاروں، عمان کی اہم شخصیات سمیت ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والوں نے شرکت کی۔ حاجی ابراہیم نے راقم کو ہوٹل میں ملنے آنے کا وعدہ کیا تھا لیکن اس بار وہ وعدہ خلافی کر گئے شائد مصروفیات کی وجہ سے ہوٹل میں آنا بھول گئے یا بہت بڑے امیر کبیر آدمی بن گئے ہیں؟۔۔ خیر اس وعدہ خلافی اور غیر حاضری کا انہیں بہترین کھانے کی صورت میں جرمانہ تو دینا پڑے گا۔۔۔۔

قارئین! بہت زیادہ مصروفیات کی بنا پر سلالہ میں دوستوں کی دعوت کے باجود وزٹ سے محروم رہا۔ پرانے مسقط شہر کی خوبصورتی کو دیکھ کر دل و دماغ تازہ ہوا اور خوشگوار یادیں پیدا ہوئیں۔ انشاء اللہ آئندہ بھی سلطان قابوس کے دیس کا وزٹ کرتا رہوں گا۔ عمان میں مقیم اپنے دوستوں کی مہمان نوازی کو کبھی نہیں بھولوں گا خدا ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ پاک عمان دوستی زندہ باد ☆☆

ضمیر البشر



غزہ کے مسلمانوں پر کُفار کا غضب ہو گیا ہے
عورتوں اور بچوں کا سرعام قتل ہو گیا ہے
اے مسلمان حکمرانوں تمہیں کیا ہو گیا ہے
نہ بولا کوئی اس شرمناک و دردناک قتل و غارت پر
اے لوگو یہ ضمیر انسان اب کہاں کھو گیا ہے
آزادی کا پرچار کرنے والے لوگو کہاں ہو تم
آزادی کے نام پر بے گناہوں کا قتل عام ہو گیا ہے
تہذیب مغرب کی خوبیوں کا ڈھنڈورا پیٹنے والے لوگو
تمہارا بھی اب اندھوں میں شمار ہو گیا ہے
رات اور دن مظلوموں پر آگ برسانے والے ظالمو
کہتے ہو کہ غُلیل بم سے زیادہ خطرناک ہو گیا ہے
قرآن و حدیث میں جو لکھا ہے اے مسلمانوں
کیا ہمارا اس پر سے یقین اُٹھ گیا ہے
کرتے ہیں ہم بار بار انہی پر یقین
مسلمانوں کو جن پر یقین کرنے سے روکا گیا ہے
ابھی بھی دیر نہیں ہوئی ہے اے مسلمانوں
اللہ کی مدد پر سے اگر تمہارا یقین اُٹھ گیا ہے
وقت توبہ ابھی بھی ہے اے مسلمانوں
مغرب کی حکمرانی سے ہاتھ چھڑانے کا وقت آگیا ہے
ہم سب ہیں اللہ و محمد ﷺ کے دین کے امین
جاگ اُٹھو جھنجھوڑو اپنے ضمیر کو کہ اب وقت جہاد آگیا ہے

نوابزادہ امین اللہ رئیسانی

PAK OMAN BROTHERLY

RELATIONSHIP

ZINDA BAD

Some Relationship Just Blossom, Beautifully.

Ours is one of those.

PAK OMAN INVESTMENT COMPANY

1st floor, Tower A Finance & Trade Center
Shahra-e-Faisal Karachi
Tel:92-21-35630971-75 Fax:92-21-35630969
Email:info@pakoman.com
www.pakoman.com

PAK OMAN

مسقط غلا صحار کے انڈسٹریل ایریا میں پر دیس میں دیس نیو ویلج ریسٹورنٹ

فریش معیار اور نفاست سے بھرپور کھانوں کا مرکز

New Village Restaurant مطعم القرية الجديدة

نیو ویلج ریسٹورنٹس

پاکستانی تازہ کھانوں کا مرکز

150 آدمیوں کی گنجائش

New Village Group of Restaurants

P.O.Box:1278 PC:111 Sultanate of Oman
Tel:24505757 Fax:24505745 GSM 99337500
Muscat (Ghala) Sohar (Faleg Al-Qabail)
Email:villageoman@gmail.com
villageoman@yahoo.com

شاہد چٹھہ جنرل منیجر اپنے ریسٹورنٹ سٹاف کے ہمراہ

Shahid Chattha

General Manager

پاکستان کی خارجہ پالیسی میں عرب ممالک کو ترجیح نہیں دی جاتی

نوابزادہ امین اللہ رئیسانی

سلطنت عمان میں میری ذاتی اور سفارتی کوششوں سے 21 ہزار کے قریب پاکستانیوں کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہوا

بیرون ملک پاکستانی سب سے زیادہ زرمبادلہ بھجواتے ہیں ان کے مسائل حل کرنا بھی حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہے سفیر پاکستان

سلطنت آف عمان میں پاکستان کے ہردلعزیز سفیر نوابزادہ امین اللہ رئیسانی سے خصوصی انٹرویو

سفارتکاری ایک مشکل اور کٹھن کام ہے کسی بھی ملک کا سفارتکار اپنے ملک وقوم کا وقار دنیا میں بلند کرتا ہے اور ملکوں کے درمیان بہتر تعلقات کو فروغ دیتا ہے اور یہ کام اتنا آسان نہیں ہوتا اس کے لیے مہارت، تجربہ اور جاذب نظر، وسیع المطالعہ شخصیت کا ہونا بے حد ضروری ہے ایسی ہی ایک پرکشش اور اپنے فن میں یکتا شخصیت سلطنت عمان میں پاکستان کے محبّ وطن ہردلعزیز عوام دوست سفارتکار نوابزادہ امین اللہ خان رئیسانی کی ہے ذاتی طور پر بڑے ملنسار، خوش مزاج، قومی خدمت کے جذبہ سے بھرپور انسان ہیں اپنی بہترین سفارتکاری کی بدولت بین الاقوامی سفارتی محاذ پر پاکستانیت کو پروموٹ کر رہے ہیں۔ ہم نے کمیونٹی کے بھرپور اصرار پر پاکستان ایمبیسی عمان (مسقط) میں ان کا خصوصی انٹرویو کیا جو نذر قارئین ہے۔



پاسپورٹ بحران کی وجہ سے کئی لوگوں کی نوکریاں خطرے میں ہیں ویزے ایکسپائر ہورہے ہیں حکومت کو یہ مسئلہ ہنگامی سطح پر حل کرنا چاہیئے نوابزادہ رئیسانی

سفیر پاکستان نوابزادہ امین اللہ رئیسانی سلطنت آف عمان کے ہیز مجیسٹی سلطان قابوس بن سید آلسید سے ملاقات کرتے ہوئے



سلطنت آف عمان میں پاکستان کے ہردلعزیز سفیر نوابزادہ امین اللہ رئیسانی کے دوران انٹرویو خوبصورت پوز

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری سفیر پاکستان برائے سلطنت آف عمان امین اللہ رئیسانی کو یوتھ انٹرنیشنل میگزین پیش کر رہے ہیں

بلوچ قوم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم ضرور دلوائے: نوابزادہ امین اللہ رئیسانی

یوتھ انٹرنیشنل: نوابزادہ صاحب سب سے پہلے اپنے خاندانی پس منظر کے حوالے سے قارئین کو کچھ بتائیں۔

نوابزادہ رئیسانی: صدیق القادری صاحب! سلطنت عمان آنے پر میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں جہاں تک میرے خاندانی پس منظر کا تعلق ہے تو اس سے آپ سمیت بہت سے سینئر صحافی آگاہ ہیں میں بلوچستان کے نامور سیاستدان اور قبائلی سردار چیف آف جاروان نواب غوث بخش رئیسانی کا سب سے بڑا بیٹا ہوں میری والدہ کا تعلق برکی فیملی سے ہے جو پہلے جالندھر بھارت میں رہائش پذیر تھیں یہاں میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ والد نے پہلی بیوی سے اولاد نہ ہونے پر دوسری شادی کر لی تھی میں 1949ء کو کوئٹہ میں پیدا ہوا اس کے بعد میرے والد نے تیسری شادی کر لی اس وقت میں ڈیڑھ سال کا تھا جس کے بعد میری والدہ مجھے لے کر اپنے والدین کے پاس لاہور آ گئیں تھیں۔ والد نے چار شادیاں کیں میری پہلی والدہ سے میرا بھائی چار پانچ سال مجھ سے چھوٹا ہے تیسری والدہ سے اسلم اور لشکری ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں۔

نوابزادہ رئیسانی: میری تعلیم و تربیت میں والدہ محترمہ کا بہت کردار ہے انہوں نے مجھے لاہور کے معروف سکول مدرسۃ اللبنات میں جو میری والدہ کے ماموں نے جالندھر میں شروع کیا اور پاکستان بننے کے بعد یہاں منتقل کیا اس سکول میں بچوں کو قرآن و حدیث کی تعلیم دی جاتی تھی۔ پانچویں جماعت تک وہاں تعلیم حاصل کی پھر میرے نانا نے مجھے ایچی سن کالج لاہور میں داخل کروا دیا۔ مجھے کھیلوں سے بہت لگاؤ تھا دوران تعلیم میں کرکٹ' ہاکی اور فٹ بال کا کھلاڑی رہا کرکٹ اور فٹ بال کی ٹیم کا کپتان بھی رہا کالج کی کرکٹ ٹیم میں عمران خان بھی میری کپتانی میں کھیلا تھا۔ 1969-70ء میں مجھے کالج کا بہترین کھلاڑی ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہوا ایچی سن کالج سے ایف اے کرنے کے بعد اگلے مرحلے کے لیے داخلے کا مرحلہ آیا تو پڑھائی کے حوالے سے مسائل پیدا ہوئے کیونکہ میں بہترین کھلاڑی تو تھا مگر پڑھائی کے حوالے سے میری کارکردگی اتنی اچھی نہیں تھی اس موقع پر میرے والد جو ذوالفقار علی بھٹو کے ساتھ کیبنٹ (کابینہ) میں تھے سے گورنمنٹ کالج میں داخلے کیلئے ان سے سفارش نہیں کروائی بلکہ یہاں میرا داخلہ کھیل کی بنیاد پر ہو گیا۔ گورنمنٹ کالج میں' میں نے کرکٹ اور فٹ بال میں پنجاب یونیورسٹی اور دیگر یونیورسٹیوں کی نمائندگی کی یہاں ایک بات قابل ذکر ہے کہ میں پاکستان اتھلیٹکس فیڈریشن کا وائس چیئرمین اور بلوچستان کرکٹ ایسوسی ایشن کا صدر بھی رہا۔ میرے لیے سب سے زیادہ اعزاز کی بات یہ تھی کہ مجھے گورنمنٹ کالج میں اتھلیٹکس میں رول آف آنر ملا جو قابل فخر بات ہے۔ پاکستان لیول پر میں نے آرسی ڈی گیمز میں اپنے ملک کی اتھلیٹکس میں نمائندگی کی 1974ء میں گریجوایشن کے بعد پرائیویٹ اداروں میں اچھے عہدوں پر جاب کی پھر 1983ء میں قبائلی جھگڑے کی وجہ سے میرے والد نواب غوب بخش رئیسانی کو اپنے ساتھیوں سمیت تقریباً ڈیڑھ سال پاک افغان سرحدی علاقے سرلک میں رہنا پڑا پھر کچھ بلوچ سرداروں نے اس جھگڑے کو ختم کروانے کی یقین دہانی کروائی جس پر والد واپس آ گئے مگر وہ لوگ اپنا وعدہ پورا نہ کر سکے اور کچھ ہمارے اپنے لوگوں کی غلطیوں کی وجہ سے یہ جھگڑا ختم نہیں ہو سکا اور 1987ء میں والد غوث بخش رئیسانی اپنے سات محافظوں کے ساتھ مہرگڑھ سے واپس آتے ہوئے اس قبائلی جھگڑے کی بھینٹ چڑھ گئے۔

یوتھ انٹرنیشنل: والد کی وفات کے بعد آپ ان کے جانشین کیوں نہیں بنے؟



نوابزادہ رئیسانی: صدیق القادری صاحب! آپ کی بات بالکل درست ہے اور یہ میرا حق بھی تھا مگر میں نے اس وقت کی تمام صورتحال کو دیکھتے ہوئے یہ مناسب سمجھا کہ میں نے رئیسانی قوم کو انتشار سے بچانے کیلئے اپنی قوم کی نوابی اپنے تیسرے نمبر کے بھائی کو دے دی مہرگڑھ کی آباد کی ہوئی زمین چونکہ جھگڑے کی وجہ سے برباد ہو گئی تھی اس کے بعد کوئٹہ کے قریب میں نے اپنی ذاتی زمین خرید کر زراعت شروع کر دی۔

یوتھ انٹرنیشنل: اپنی شادی کے بارے میں کچھ بتائیں۔

نوابزادہ رئیسانی: (مسکراتے ہوئے) میری شادی 1976ء میں ہوئی اہلیہ کا تعلق عیسیٰ خیل قوم سے ہے میرے ماشاءاللہ 6 بچے جن میں 4 بیٹیاں اور 2 بیٹے ہیں میں نے اپنی خون پسینے کی کمائی اپنی اولاد کی تعلیم اور بہتر تربیت پر لگائی میرے سارے بچے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں قادری صاحب میں آپ کے یوتھ میگزین کے توسط سے اپنی بلوچ قوم کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں وہ اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم ضرور دلوائیں کیونکہ اس کے بغیر موجودہ زمانے میں نہیں رہا جا سکتا۔ تعلیم کی بدولت

تعلیم کی بدولت امریکہ کا غلام آج امریکہ کا حکمران بن گیا ہے: نوابزادہ رئیسانی

امریکہ کا غلام آج امریکہ کا حکمران بن گیا ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: سفارتکاری کی طرف کیسے رجحان ہوا؟

نوابزادہ رئیسانی: قادری صاحب یہ ایک دلچسپ واقع ہے کہ میں کیسے اس طرف آیا میرا تعلق مسلم لیگ سے تھا اور اس حوالے سے جام یوسف سے قریبی تعلق اور رابطہ تھا اور جب جام یوسف وزیراعلیٰ بنے تو اس وقت اویس غنی گورنر تھے ان دنوں نواب بگٹی کے افسوسناک واقعے کے حوالے سے ملاقاتیں ہوئیں میں نے جام

ہماری خارجہ پالیسی میں یورپ اور امریکہ پر سارا زور لگایا جاتا ہے سفیر پاکستان

میں پاکستان کے لیڈنگ اوورسیز پروموٹرز کو دعوت دیتا ہوں وہ عمان میں آئیں یہاں اپنے دفاتر کھولیں ایمبیسی آف پاکستان ان کی بھرپور ہیلپ کرے گی

یوسف سے کہا کہ آپ ہماری پارٹی کے لیڈر ہیں آپ وزیراعلیٰ بنے ہیں تو آنکھیں کیوں بند کر لی ہیں آپ اپنے ساتھیوں کو ہی بھول گئے اس پر جام یوسف اور گورنر نے مجھے مشورہ دیا کہ تم سینٹ میں یا سفارتکاری کی طرف کیوں نہیں چلے جاتے پھرانہوں نے بلوچستان کے کوٹے سے میرا نام بحیثیت سفیر بھیجا میری پہلی تقرری بحیثیت سفیر پاکستان 2007ء میں لبنان میں ہوئی وہاں سے سائپراس کے سفارتی امور میرے پاس تھے 2009ء میں وہاں سے واپس آنے کی تیاری کر رہا تھا کہ دوسال کیلئے شام بھیج دیا گیا اوراس طرح 2011ء میں شام سے پاکستان واپسی کی تیاری کر ہا تھا کہ مجھے سلطنت آف عمان میں بحیثیت سفیر بھیج دیا گیا۔ اللہ کا بہت کرم ہے کہ میں اپنے فرائض انتہائی ایمانداری' دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کر رہا ہوں میں نے کبھی کسی سے سفارش نہیں کروائی مجھے جو کچھ بھی ملا وہ میرے مولا کا کرم اور ماں باپ کی دعاؤں کے صلے میں ملا میں اپنے رب کا شکر گزار ہوں۔

یوتھ انٹرنیشنل: بحیثیت سفیر آپ کا سفر کیسے گزر رہا ہے؟

نوابزادہ رئیسانی: بہت اچھا گزر رہا ہے یہ ایک مشکل مگر دلچسپ جاب ہے کیونکہ اس میں جہاں آپ اپنی کمیونٹی کیلئے کام کرتے ہیں وہاں دونوں ملکوں کے درمیان بہتر تعلقات بھی استوار کرتے ہیں لبنان میں تعیناتی کے دوران میں نے پاکستانی کمیونٹی کے سکولوں میں بہت اچھے اقدامات کر کے کوالٹی ایجوکیشن کو بڑھایا لبنان کے ایک عربیک کالج میں اردو کی کلاسیں شروع کروائیں' کھیلوں سے دلچسپی کی وجہ سے وہاں ہونیوالی میراتھن میں حصہ لیا۔ آپ اندازہ لگائیں کہ جب میں لبنان سے واپس آ رہا تھا تو ایک لبنانی کے پروقار الوداعی ڈنر میں لبنانیوں کے جذبات کو دیکھتے ہوئے وہاں موجود لبنانی فارن منسٹر میرے پاس آیا اور کہا کہ ''مسٹر رئیسانی میں نے آج پہلی بار کسی سفیر کے جانے پر لوگوں کی آنکھوں میں آنسو دیکھے ہیں''۔

یوتھ انٹرنیشنل: پاک عمان تعلقات کے بارے میں کچھ بتائیں!



نوابزادہ رئیسانی: دونوں ملکوں کے تعلقات بہت اچھے ہیں پانچ سو سال پہلے گوادر سلطنت آف عمان کا حصہ تھی خان آف قلات نے گوادر پورٹ عمان کے سلطان کو تحفے میں دے دی تھی 1955ء میں عمان نے یہ گوادر پورٹ پاکستان کو واپس کر دی پھر 1970ء میں عمان کے خلاف سلالہ میں ناکام بغاوت ہوئی جس میں یمن کے کمیونسٹ انوالو تھے دوران بغاوت کئی بلوچ شہید ہوئے سلالہ قبرستان میں آج بھی ان کی یادیں موجود ہیں۔ ہیز مجیسٹی سلطان قابوس نے بلوچوں کی عمان کیلئے قربانیوں کو سراہا اور بہت ساری مراعات دیں اور انہیں لوکل نیشنلٹی کا درجہ دیا یہی وجہ ہے کہ اس وقت بے شمار بلوچ عمان میں موجود ہیں مگر ایک بات میں نہایت افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ جو گرمجوشی عمان پاکستان کے ساتھ دکھا رہا ہے پاکستان کی حکومتوں اور کاروباری برادری نے اس کا جواب اس گرمجوشی سے نہیں دیا یہی وجہ ہے کہ دوسرے ممالک عمان میں ہونیوالی ترقی سے فائدہ اٹھا رہے ہیں اور ہمارے ہاں اس طرف کوئی دھیان نہیں دے رہا۔ میری نظر میں اس کی بڑی وجہ ہماری خارجہ پالیسی ہے جس میں عرب ممالک کو اہمیت ہی نہیں دی جاتی سارا زور امریکہ اور یورپ پر لگا دیا جاتا ہے میں نے اپنے طور پر بحیثیت سفیر عمان میں پہلی بار مینگو فیسٹیول کروایا' کلر آف پاکستان کے نام سے نمائش کروائی اور جو مجھ سے ہوسکتا تھا میں نے کیا اور کر رہا ہوں۔ پاکستان کے قومی مفادات کو پروموٹ کرنا میرا فرض ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: پاکستانی مین پاور بڑھانے کیلئے کیا اقدامات کیے؟

نوابزادہ رئیسانی: میں نے یہاں تمام غیر ملکی کمپنیوں سے رابطہ کیا اور انہیں پاکستانی لیبر منگوانے پر قائل کیا اور اب اللہ کے فضل سے سلطنت عمان میں میری ذاتی اور سفارتی کوششوں سے 20 ہزار کے قریب پاکستانیوں کی ڈیمانڈ میں اضافہ ہوا۔ میرے پاس ریورسائیڈ اوورسیز پروموٹرز لاہور سے مالکان آئے تھے میں نے انہیں کہا کہ وہ عمان میں اپنا دفتر کھولیں مین پاور کا بہت سکوپ ہے۔ میں آپ کے میگزین کی وساطت سے پاکستان کے لیڈنگ اوورسیز پروموٹرز کو دعوت دیتا ہوں وہ عمان میں آئیں یہاں اپنے دفاتر کھولیں ایمبیسی آف پاکستان ان کی بھرپور ہیلپ کرے گی۔

یوتھ انٹرنیشنل: پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے قوم کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

نوابزادہ رئیسانی: پاکستان ہمارے لیے اللہ کی طرف سے ایک نایاب تحفہ ہے سورۃ رحمٰن اللہ تعالیٰ نے پاکستان کیلئے اتاری ہے دنیا کی ہر نعمت سے مالا مال پاکستان کی ہر ایک پاکستانی کو اس کی قدر کرنی چاہیے صوبائیت کا پرچار کرنے کی بجائے ہمیں پاکستانی بن کر سوچنا چاہیے بلوچ ہونے کے ناطے اپنے بلوچ بھائیوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تعلیم حاصل کریں اور بچوں کو بھی تعلیم دلوائیں تا کہ ملک سے جہالت کے اندھیرے دور ہوں اور اس کا روشن چہرہ سامنے آئے فرسودہ رسم ورواج سے چھٹکارہ پا کر ہی ہم مضبوط اور خوشحال پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر کر سکتے ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: اس وقت کمیونٹی کو پاسپورٹ کے حوالے سے بہت سی مشکلات ہیں حل کیلئے آپ نے کیا اقدامات کیے ہیں؟

(باقی صفحہ نمبر 65 پر)

اپنی سن کالج کی کرکٹ ٹیم میں عمران خان بھی میری کپتانی میں کھیلا تھا: امین اللہ رئیسانی

پروٹیکٹر آفس صدر تبدیل کرنے کا شکریہ

ہم اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز پروٹیکٹر آفس پشاور حیات آباد جیسے دور دراز ایریا سے پشاور صدر منتقل کرنے پر ڈی جی
بیورو حبیب الرحمان خان، پروٹیکٹر پشاور عبدالجبار چوہدری کا شکریہ ادا کرتے ہیں
جن کے اس قابل تعریف اقدام سے پروموٹرز اور غریب ورکرز کو بہت سہولت ملی
ہے جس پر پروموٹرز کمیونٹی ان کی بے حد مشکور ہے

RAMADA Overseas Corporation

Lic # MPD/2255/PWR

Overseas Employment Promoters

Al-Riaz Hotel Ramdas Road Peshawar Pakistan

Ghulam Farooq
M.D

Tel:091-219400 Fax:091-213939 Mob:0333-9102334 - 0300-5983132

Email:ramada_farooq786@hotmail.com

PAK OMAN FRIENDSHIP ZINDA BAD

پاک عمان دوستی
زندہ باد

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

PAK KASHMIR TRADE TEST CENTRE

OVERSEAS & LOCAL EMPLOYMENT

Under Supervision of Pak Kashmir Human Rights Society
Plot # 104, Extension I-8/4, Faizabad Chowk, Islamabad, Ph: 4440696, 4436823
Fax: 4436824, E-mail: pak_kashmir@hotmail.com

Ghullam Raza
Chairman

PAK OMAN LONG LIVE RELATIONSHIP ZINDA BAD

پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد



سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

R.S.International

Manpower Consultant **Lic No # 2292/KAR**

Naseer Ahmed
Proprietor

Office: Suit # 305, 3rd Floor Business Avenue, Block-6, P.E.C.H.S, Main
Shahrah-e-Faisal, Karachi Tel:0092-21-34528687,34312104-5 Fax:0092-21-34312106
Mob:0333-2159329, Email:naseer@cbie.pk, Web:www.rsi.com.pk

ہاتھوں میں ہاتھ دیں ..... نواز شریف کا ساتھ دیں

AL-MADINA

Nan shop & Restaurant

Give us chance to serve you the occasion of Marriage & other ceremony etc.

address: Molana Shaukat Ali Road, Near Jinnah Hospital, Ali Market Johar Town, Lahore.

Haji Abdul Hamid
Proprietors

Haji Abdul Rashid &
Haji Brothers

سٹاف میں کمی کے باوجود ہم کمیونٹی کی بھرپور خدمت کر رہے ہیں

ہم پانچ دوستوں نے پاسپورٹ کا شعبہ جائن کیا اور عہد کیا کہ پیسے اور لالچ کے بغیر کام کریں گے

عبدالرحمان پاسپورٹ اتاشی پاکستان ایمبیسی عمان (مسقط) سے خصوصی گفتگو

سفیر پاکستان کی گائیڈنس میں ہم کمیونٹی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں

پاکستان ایمبیسی شعبہ پاسپورٹ میں صرف دو افسر کام کر رہے ہیں تعداد بڑھ جائے تو کارکردگی میں اضافہ ہو سکتا ہے

عبدالرحمان

انتھک، محنتی، فرض شناس افسر، ہر دلعزیز نوجوان سفارتکار عبدالرحمان کی پاکستانی کمیونٹی میں بڑے پاپولر ہیں۔ پوری کمیونٹی انہیں اچھی نظر سے دیکھتی ہے۔ عبدالرحمان بحیثیت پاسپورٹ اتاشی پاکستان ایمبیسی عمان میں سٹاف اور وسائل کی کمی کے باوجود اپنی کمیونٹی کیلئے قابل تعریف خدمات انتہائی دیانتداری اور محنت سے انجام دے رہے ہیں۔

عبدالرحمان کا تعلق خیبر پختونخواہ کے علاقہ چارسدہ سے ہے۔ انہوں نے اباسین یونیورسٹی پشاور سے ماسٹرز آف کمپیوٹر سائنسز کرنے کے بعد 2003 مین امیگریشن پاسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کو جائن کیا۔ پاکستان کے مختلف شہروں میں پاسپورٹ آفسز میں کام کیا۔ ان کی بیرون ملک پہلی پوسٹنگ 24 نومبر 2011 کو عمان میں پاکستان ایمبیسی میں بحیثیت پاسپورٹ اتاشی ہوئی۔ وہ اپنے فرائض انتہائی دیانتداری اور ذمہ داری سے ادا کر رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کمیونٹی انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ عبدالرحمان نے دوران گفتگو بتایا کہ میرے ساتھ میرے چار دوست تھے جنہوں نے ایک ساتھ پاسپورٹ کے شعبے کو جائن کیا تھا اور ہم نے تہیہ کیا تھا کہ ہم رشوت اور لالچ کے بغیر کام کریں گے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگرچہ ہم پانچوں دوست اس وقت مختلف ممالک میں کام کر رہے ہیں اور یہی بات اس کے بارے میں کوئی منفی رپورٹ نہیں آئی۔ پاکستان ایمبیسی عمان کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے سفیر بہت مختلف اور ملنسار ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ یہی تاکید کی کہ کمیونٹی کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ مجھے ان کی مکمل سپورٹ حاصل ہے۔ پاسپورٹ کے حوالے سے عبدالرحمان نے بتایا کہ سٹاف کی کمی کے باوجود ہم روزانہ 250 سے زائد مشین ریڈ ایبل پاسپورٹ جاری کر رہے ہیں۔ اور ایمرجنسی کی صورت میں 15 سے 35 مینوئل پاسپورٹ بھی دیئے جا رہے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پاسپورٹ کی تعداد 250 سے بڑھ کر 400 تک ہو سکتی ہے۔ سٹاف کی تعداد میں اضافہ ہو جائے تو پاسپورٹ کی تعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے صرف دو افسر ہیں جو دو لاکھ سے زائد کمیونٹی کو ڈیل کر رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس جگہ بھی بہت تنگ ہے جس کی وجہ سے لوگ پریشان ہوتے ہیں۔ ☆☆☆

عبدالرحمان پاسپورٹ اتاشی کا اپنے سٹاف سہیل لیاقت اور منیرہ حبیب کیساتھ گروپ فوٹو

عبدالرحمان پاسپورٹ اتاشی پاکستان ایمبیسی عمان اپنے دوست ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے ہمراہ

کمیونٹی سفر کیلئے اپنی قومی ایئر لائن پی آئی اے کو ترجیح دے، منیجر پی آئی اے

صرف پی آئی اے پاکستانی کمیونٹی کو ڈیڈ باڈی پہنچانیکی سہولت فری آف کاسٹ دے رہی ہے

کمیونٹی کو پی آئی اے 40 کلو جی بیگز الاؤسنز دے رہی ہے

بشیر الدین خان منیجر پی آئی اے مسقط سے ملاقات

منیجر پی آئی اے مسقط بشیر الدین خان کا شمار قومی جذبے سے سرشار محبّ وطن افسروں میں ہوتا ہے، ان کی بہترین سروسز کی وجہ سے کمیونٹی انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بشیر الدین خان نے یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی ملاقات میں بتایا کہ ان کا تعلق اولیاء کے شہر ملتان سے ہے۔ وہاں ذکریا یونیورسٹی سے ایم بی اے کرنے کے بعد دسمبر 1985 میں پی آئی اے میں ملازمت اختیار کی تین سال کراچی اور ملتان میں کام کیا۔ 2000ء میں منیجر کی حیثیت سے العین (ابوظبی) میں قومی ایئر لائن سے منسلک رہا۔ 2010ء میں مسقط میں منیجر کی حیثیت سے تعینات ہوا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ جب میں مسقط میں تعینات ہوا تو پاکستان کیلئے دس پروازیں تھیں۔ کمیونٹی کو زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کیلئے بڑھا کر ان پروازوں کی تعداد 13 کرادی جس سے کمیونٹی کو ملک کے تمام شہروں تک رسائی حاصل ہوگئی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ قومی ایئر لائن ہونے کی وجہ سے کمیونٹی کو ڈیڈ باڈی لے جانے کی فری آف کاسٹ سہولت دے دی ہے۔ یہ سہولت کوئی دوسری ایئر لائن نہیں دے رہی۔ اس کے علاوہ سامان کے معاملے میں کافی

(باقی صفحہ نمبر 65 پر)

سلالہ سے سیالکوٹ فلائٹ کی بہت زیادہ ڈیمانڈ ہے: بشیر الدین خان

ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری منیجر پی آئی اے مسقط بشیر الدین خان سے انٹرویو لے رہے ہیں

بشیر الدین خان سفیر پاکستان امین اللہ رئیسانی سے بہترین کارکردگی پر شیلڈ وصول کرتے ہوئے

بشیر الدین خان منیجر پی آئی اے مسقط کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز

PAK OMAN
LONG LIVE
RELATIONSHIP
ZINDA BAD



پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

Al-Adil Enterprises

O.E.P. Lic # 2269 / RWP

Off.# 2, Second Floor, Zumard Plaza, Shahrah-e-Tijarat
Satellite Town, Rawalpindi, Tel: 051-4429812, Mob: 0333-5104897

Sardar
Javed Khan

PAK OMAN
LONG LIVE
RELATIONSHIP
ZINDA BAD

پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

ADNAN CORPORATION

Overseas Employment Promoters **Lic # 0741/RWP**

113-A Saadi Road Saddar Rawalpindi-Pakistan

Ph: 0092-51-5568401-5568476
Fax: 0092-51-5568476

Naseer-Ul-Haq
Cell:0092-300-8548668

مسقط سے کراچی | مسقط سے تربت | مسقط سے لاہور

مسقط سے سیالکوٹ | مسقط سے اسلام آباد | مسقط سے پشاور

Pakistan International Airlines

P.O.Box:1335, Postal Code 112, Ruwl Muscat
Sultanate of Oman
Tel:+968-24792471 Fax:+968-24792459
Email:mctuupk@piac.aero

M.Bashiruddin Khan
Manager Oman
00968925728 50



PAK OMAN LONG
LIVE RELATIONSHIP
ZINDA BAD

پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

PAK BOLAN
INTERNATIONAL

Overseas Employment promoters LIC. No. 1745 KAR

Head Office 17/B, Sidco Avenue Centre, R.A. Lines Karachi, Pakistan
Ph: 0092-21-35686944, 35685215, Fax: 0092-21-35685324

Brancch Office Office No. 6, 1st Floor New Shaheen Plaza, 23-B/1, Near Chandni Chowk Rawalpindi, Ph: 051-4571294, Fax: 4571295

Shakeel Ahmad
G.M

Email:pakbolanintl@yahoo.com pakbolanintl@gmail.com
Email:pakbolan@cyber.net.pk Web: www.pakbolan.com

Sardar M. Ishaq Khan
Managing Director

پروٹیکٹر آفس صدر تبدیل کرنے کا شکریہ

ہم اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز پروٹیکٹر آفس پشاور حیات آباد جیسے دور دراز ایریا سے پشاور صدر منتقل کرنے پر ڈی جی بیورو حبیب الرحمان خان، پروٹیکٹر پشاور عبدالجبار چوہدری کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن کے اس قابل تعریف اقدام سے پروموٹرز اور غریب ورکرز کو بہت سہولت ملی ہے جس پر پروموٹرز کمیونٹی ان کی بے حد مشکور ہے

او۔کے۔ خان ریکروٹنگ ایجنسی
O.K. KHAN
Overseas Employments Promoter

A-17 Haroon Mansion Khyber Bazar P.O Box: No 481 Peshawar-PAK
Email: okkhan@brain.net.pk Web: www.okhanrecruiting.com

عمر خطاب خان
سابق چیئرمین پوٹپا (پشاور زون)
پروپرائٹر او کے خان ریکروٹنگ ایجنسی

پاکستان سے عمان ان لیگل امیگریشن کو سختی سے روکا جائے، جاوید نواز

پاکستان میں انویسٹمنٹ ٹورازم مین پاور کے شعبوں کی کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے

عمان میں ٹورازم کے شعبے میں صرف چار سال میں 25 بلین ڈالر کی انویسٹمنٹ آئی ہے

قابل فخر سپوت محبّ وطن پاکستانی جاوید نواز

سابق اعزازی انویسٹمنٹ قونصلر عمان سے خصوصی گفتگو

سابق اعزازی انویسٹمنٹ قونصلر عمان سابق چیئرمین پاکستان کلب مسقط، بین الاقوامی شہرت یافتہ انویسٹمنٹ سکالر جاوید نواز جو بڑے زندہ دل، باغ و بہار، محبّ وطن شخصیت کے مالک ہیں آپ کا تعلق زندہ دلوں کے شہر لاہور سے ہے بڑی اچھی شہرت رکھنے والے انسان ہیں انہوں نے 1968ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ماسٹر کیا اسی دوران طلبہ کے پرجوش رہنما رہے شعلہ نوا مقرر ہونے کے ناطے طلبہ کی بھرپور ترجمانی کی سٹوڈنٹس یونین کے سیکرٹری صدر کے عہدے پر منتخب ہوئے بڑی متحرک لائف گزاری ایجوکیشن کے بعد ڈینش ایجنسی فار کوآپریٹو کو جائن کیا 1982ء میں سلطنت آف عمان میں بزنس شروع کیا۔ پاکستان کلب مسقط کے چیئرمین رہے پاکستان کالج مسقط کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین رہے پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی کے وجود کو لانے میں قابل تعریف کردار ادا کیا جس سے پاکستان میں عمانی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوا۔ عمان پبلک اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی وفود کو پاکستان لے کر گئے جس سے 80 ہزار ٹن رائس عمان امپورٹ ہوا ان دنوں PIL DAT کے چیئرمین ہیں اپنی تمام تر بے پناہ ذہنی، جسمانی صلاحیتوں، توانائیوں کو پاکستانیت کے فروغ میں بروئے کار لا رہے ہیں ہم نے یوتھ انٹرنیشنل کے قارئین کی دلچسپی کیلئے ان سے انٹرویو کیا جو قارئین کی نذر ہے۔

جاوید نواز کے یوتھ انٹرنیشنل میگزین کو انٹرویو دیتے ہوئے خوبصورت انداز

مین پاور ایکسپورٹ کو لیگل طریقہ سے بڑھایا جائے: جاوید نواز

ہمارے ہاں وزارتوں کی بھرمار ہونے کے باوجود کارکردگی شرم ناک ہے

سوال: جاوید بھائی آپ اپنے بارے میں کچھ ہمارے قارئین کو بتائیں؟

جواب: صدیق القادری صاحب! آپ جانتے ہیں میرا تعلق زندہ دلوں کے شہر لاہور سے ہے میں نے 1969ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ماسٹر کیا اسی دوران طلبہ سیاست میں کافی متحرک رہا یونیورسٹی کی سٹوڈنٹس یونینز کا سیکرٹری اور صدر منتخب ہوا وہاں بڑا متحرک دور گزرا تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد ڈینش ایجنسی فارکوآپریٹو کو بحیثیت جی ایم جائن کیا جو بعد میں یوٹیلٹی سٹور کارپوریشن کی شکل میں کام کر رہی ہے 1982ء میں بزنس کے سلسلہ میں سلطنت آف عمان کا رخ کیا الحمدللہ اپنی انتھک محنت اور بھرپور جدوجہد سے اپنی اچھی ساکھ اور شہرت بنائی میں پاکستان کلب مسقط کا 7 سال چیئرمین رہا دس سال حکومت پاکستان کا اعزازی انویسٹمنٹ قونصلر عمان رہا پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی کو وجود میں لانے کیلئے نہایت اہم کردار ادا کیا جس کے نتیجے میں بینک آف مسقط نے پاکستان میں پاک سعودی بینک خرید کر ری سٹیبلش کر کے اسے SALK بینک کا نام دیا عمان ٹیلی کمیونی کیشن نے پاکستان میں ورلڈ کال میں 1.67 ملین ڈالر کی انویسٹمنٹ کی عمان پبلک اتھارٹی کا اعلیٰ سطحی وفد لے کر پاکستان گیا پاکستان میں بڑی رائس ملز کے وزٹ اور مذاکرات کے بعد 80 ہزار ٹن رائس پاکستان سے عمان امپورٹ ہوا۔ مجھے امید ہے پاکستان میں میاں نواز شریف کی حکومت آنے سے پاک عمان تجارتی، اقتصادی، سرمایہ کاری میں مزید اضافہ ہوگا۔ میں اس وقت پاکستان میں PIL DAT کا سنٹرل چیئرمین ہوں ہماری کوشش ہے پاکستان میں اوورسیز پاکستانیز کنونشن کا انعقاد کیا جائے پاکستان کو درپیش انرجی، معاشی پرابلم حل کرنے کیلئے اوورسیز پاکستانیز کی خدمات سے استفادہ کیا جائے۔

سوال: ٹورازم کے فروغ کے بارے میں کچھ بتائیں؟

جواب: قادری صاحب آپ حیران ہونگے کہ عمان میں ٹورازم پالیسی ہی نہیں ہے۔ صرف ایک ڈائریکٹر حیثیت کا آدمی ڈیل کرتا ہے۔ اور پچھلے سال میں 25 بلین ڈالر کی ٹورازم انویسٹمنٹ آئی جبکہ ہمارے ہاں پاکستان ٹورازم کی وزارتیں، بورڈ آف انویسٹمنٹ، انویسٹمنٹ منسٹری میں سینکڑوں سرکاری ملازمین ہیں۔ کارکردگی کی حالت شرم ناک اور مایوس کن ہے۔ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت پاکستان کے ٹورازم کو تباہ کر دیا گیا ہے لاء اینڈ آرڈر، دہشت گردی اور بیوروکریسی کی نااہلی ٹورازم میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے ہم عمان کی ٹورازم پالیسی پر عمل کر کے بہت ترقی کر سکتے ہیں عمان کے ساتھ باہمی تعاون سے ٹورازم ترقی کر سکتا ہے۔

سوال: عمان میں اتنی زیادہ سرمایہ کاری کی کیا وجہ ہے؟

جواب: اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اگر یہاں سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ ہے۔ قانون کی عملداری ہے یہاں کسی خاتون کو یہ ڈر نہیں کہ رات کو سڑک پر چلتے ہوئے کوئی اسکا پرس اور زیور چھین کر لے جائے گا۔

سوال: پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے کچھ بتائیں؟

جواب: پاکستان کا المیہ ہے کہ اس کی ایکسپورٹ 18 بلین ڈالر اور امپورٹ 36 بلین ڈالر ہے جس میں 13 بلین ڈالر کا خلاء موجود ہے۔ جس میں بیرون ملک پاکستانی بغیر کسی فائدے کے 13 بلین پے کرتے ہیں۔ پاکستان سے جرائم پیشہ عناصر کے عمان، سعودی عرب، کویت، قطر اور یو اے ای میں آنے سے وہاں کی حکومتوں نے پاکستانیوں کی تعداد میں کمی کر دی ہے جس سے زرمبادلہ کم ہو رہا ہے۔

سوال: کیا عمان میں یہی غیر قانونی طور پر پاکستانیوں کی آمد جاری ہے؟

جواب: جی ہاں! تین سال پہلے 85 سے 90 ہزار پاکستانی یہاں تھے۔ لیگل دو لاکھ 28 ہزار کے قریب ہیں پاکستان میں دہشت گردی کی وجہ سے حالات خراب ہونے پر بڑی تعداد میں ان لیگل لوگ یہاں آئے۔ جن میں سے 56 ہزار کے قریب غیر قانونی کیس میں گرفتار کیا جا چکا ہے۔ اور بیشتر کو بذریعہ بحری جہاز بھجوایا جا چکا ہے۔ ہمارا حکومت پاکستان سے مطالبہ ہے کہ پاکستان سے عمان ان لیگل امیگریشن کو ضرور روکا جائے لیگل طریقہ سے آنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

☆☆☆

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

TAYYEB ENTERPRISES

OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS — O.E.P Lic. No. 1265/Kar

102, Windsong Place Bldg. A-16, Block-7/8, K.C.H.S Balouch Colony, Shara-e-Faisal
Karachi-Pakistan. Tel: +92-21-3438201632155 Fax: +92-21-34546184
E-mail: tayyeb_1@yahoo.com URL. www.tayyebenterprises.com.pk

Ijaz Ahmed
CEO
Chairman United Group



PAK OMAN
FRIENDSHIP
ZINDA BAD

پاک عمان دوستی زندہ باد

M.Saeed Khan
Chief Executive
0333-5104454

S.K. INTERNATIONAL

Lic # MPD/1161/RWP — Overseas Employment Promoters

1-C, Supper Market Islamabad Tel:2270797, 2876384, 2876010
Fax: 2876384 Mobile:0333-5104454
Email:ahmed_0303@yahoo.com Web:www.skpromoters.com

ہر دلعزیز سوشل بزنس مین شخصیت شاہد چٹھہ جنرل منیجر دی ویلیج گروپ آف ریسٹورنٹس مسقط سلطنت آف عمان

ہمیں اپنے وطن عزیز پاکستان پر فخر کرنا چاہیے



میں نے ایمانداری سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ وعدہ کیا کہ لوگوں کو اپنے ریسٹورنٹ میں فریش اور ذائقے سے بھرپور خوراک فراہم کروں گا: شاہد چٹھہ

پاکستانی کمیونٹی مسقط (عمان) میں شاہد چٹھہ ہر دلعزیز سوشل و بزنس مین نوجوان شخصیت ہیں پاکستانی کمیونٹی کے کاموں میں ہمیشہ آگے آگے رہتے ہیں پاکستان سے آنے والے آرٹسٹوں کی دل کھول کر حوصلہ افزائی کرتے ہیں ثقافتی وفود کی میزبانی کا کوئی موقع ضائع نہیں ہونے دیتے۔ان کی اس خوبی کی بناء پر پاکستانی انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ذاتی طور پر بڑے ملنسار، خوش طبع، مہمان نواز، محب وطن انسان ہیں ملک سے آنے والے مہمانوں کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے دی ویلیج گروپ آف ریسٹورنٹس غلہ ایریا کے جنرل منیجر ہیں اپنی تمام تر صلاحیتوں اور توانائیوں کو فریش فوڈ کی فراہمی میں وقف کیے ہوئے ہیں پاکستانی کھانوں میں لذت، معیار ہونے کی وجہ سے زیادہ تر لوگ ان کے ریسٹورنٹ میں کھانوں کو ترجیح دیتے ہیں۔

شاہد چٹھہ کا تعلق پاکستان کے صوبہ پنجاب کے ضلع گوجرانوالہ علی پور چٹھہ کے نزدیک چٹھہ پنڈوری کلاں سے ہے گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ سے گریجویشن کرنے کے بعد 1992ء میں دبئی آئے وہاں سنٹرل ایئر کنڈیشنڈ کا بزنس شروع کیا سات سال امارات ٹریڈنگ ایجنسی کے سب کنڈیکٹر رہے وہاں شیخ زایدؒ شیخ خلیفہ کے پیلس میں ایئر کنڈیشنڈ سسٹم کی دیکھ بھال کرتے رہے پھر 2002ء میں مسقط عمان آ گئے۔

ریسٹورنٹ بزنس میں آنے کا دلچسپ ذکر کرتے ہوئے شاہد چٹھہ نے بتایا 18 سال کی اوور سیز لائف نے مجھے اچھے اچھے کھانا کھانے کا شوقین بنا دیا ہر کھانے کے وقت ذہن میں صرف ایک سوال آتا ہے اگر میں نے ریسٹورنٹ بنایا تو ان خامیوں کو دور کروں گا۔لوگوں کو فریش اور لذیذ کھانے دوں گا۔جب اللہ تعالیٰ نے مجھے موقع دیا میں نے غلہ کے انڈسٹریل ایریا ویلیج (Village) ریسٹورنٹ کی بنیاد رکھی۔ویلیج ریسٹورنٹ کا نام رکھنے کی وجہ یہ تھی کہ ویلیج میں خالص اجناس اور خوراک ملتی ہے میں نے اوور سیز لائف میں ہر اچھے ریسٹورنٹ سے اچھی کوالٹی کو کولیکٹ کیا سب سے اہم بات ایمانداری کے ساتھ اللہ سے وعدہ کیا لوگوں کو اپنے ریسٹورنٹ میں فریش اور خالص، لذیذ، ذائقے سے بھرپور خوراک فراہم کروں گا کمرشل ریسٹورنٹوں کی طرح کام نہیں کروں گا یہی وجہ ہے میں اور میرے ریسٹورنٹ کا سٹاف ہر آنے والے کسٹمر کو اپنا ذاتی گیسٹ تصور کرتے ہیں ہمارا مسقط میں فریش فوڈ کی فراہمی میں واحد ریسٹورنٹ ہے ہمارے ریسٹورنٹ کے کچن اور سٹور میں انٹری سب کسٹمرز کے لیے اوپن ہے کسی وقت کوئی گیسٹ انتظامیہ کی اجازت

(باقی صفحہ نمبر 65 پر)

شاہد چٹھہ اپنے دوست ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے ہمراہ



شاہد چٹھہ اپنے بچوں کے ہمراہ

شاہد چٹھہ کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز



منجانب عبدالواحد عاصم چیف ایگزیکٹو اوورسیز ایمپلائمنٹ بیورو راولپنڈی

Overseas Employment Bureau

Overseas Employment Promoters Licence # 1918/RWP/98

B-43, Saleh Manzil Ground Floor Setllite Town Near Sadiq Abad Stop Murree Road, Rawalpindi Tel:+92-51-4452857-8 Fax:+92-51-4452859
Mob: +92-321-5019997

Abdul Wahid Asim
Chief Executive



PAK OMAN LONG LIVE RELATIONSHIP ZINDA BAD

پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد

سعودی عرب یو اے ای عمان اور دوسرے بیرون ممالک میں محنتی جفاکش مین پاور ایکسپورٹ کرنے کا قابل اعتماد ادارہ

PAK BOLAN INTERNATIONAL

Overseas Employment promoters LIC. No. 1745 KAR

Head Office 17/B, Sidco Avenue Centre, R.A. Lines Karachi, Pakistan
Ph: 0092-21-35686944, 35685215, Fax: 0092-21-35685324

Brancch Office Office No. 6, 1st Floor New Shaheen Plaza, 23-B/1, Near Chandni Chowk Rawalpindi, Ph: 051-4571294, Fax: 4571295

Email:pakbolanintl@yahoo.com pakbolanintl@gmail.com
Email:pakbolan@cyber.net.pk Web: www.pakbolan.com

Shakeel Ahmad
G.M

Sardar M. Ishaq Khan
Managing Director

دولت کی ہوس پرتعیش زندگی گزارنے کی خواہش نے سانگلہ ہل کی طالبہ کو اغواکاروں کا سرغنہ بنادیا

سمیرا جاوید نے اغوا کاروں کا گروپ تشکیل دیا پہلا شکار عمان بلانے والے کو کیا

لاہور: امیرانہ زندگی گزارنے کی خواہش کے نتیجے میں بی کام کرنے والی طالبہ نے اپنے عزائم کو کامیاب بنانے کیلئے جائز اور ناجائز کی تمیز ختم کردی اور صرف امیر بننے کا سپنا سجالیا۔ اس مقصد کیلئے 24 سالہ دوشیزہ سمیرا جاوید نے سب سے پہلے اس شخص کو اغوا کا شکار بنایا جو اس کا محسن تھا اور اس نے اس کے خاندان پر احسانات کئے اور سمیرا جاوید کو بیٹی بنا کر عمان بلایا اور ایک بزنس کرکے دیا، لیکن وہاں بھی سمیرا جاوید نے بڑے امیر تاجروں سے تعلقات استوار کر لیے اصل مقصد امیر کبیر لوگوں کو پھنسانا شروع کردیا جب یہ خبر کمیونٹی میں پھیلنے لگی تو سمیرا اپنے مشکوک کردار کی وجہ سے واپس آگئی اور پاکستان پہنچے ہی اس نے امیر لوگوں کو اغوا کرنے کا منصوبہ بنایا اور ابتدائی طور پر 4 افراد کا گینگ بنایا اور اپنے تمام کارندوں کو شادی کا لالچ دیا اور خود بھی شادی نہیں کی۔ سمیرا کا سب سے زیادہ با اعتماد ساتھی محمد خان تھا جو 5 بچوں کا باپ ہے اسے سمیرا نے لالچ دیا کہ اغوا کے بعد بھاری تاوان کی رقم سے وہ ڈیفنس میں بنگلہ لیں گے اور اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے دے گا اور وہ ایک عالی شان زندگی گزاریں گے۔ اس سلسلے میں اغوا کار سمیرا جاوید نے عمان میں مقیم پاکستانی تاجر رانا شاہد زمان کو اغوا کیا اور 3 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا اور 32 لاکھ وصول بھی کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ روڈ پر موجود نجی یونیورسٹی جس کا ایک سب کیمپس کلمہ چوک میں بھی ہے، وہاں سانگلہ ہل کی رہائشی 24 سالہ سمیرا نے بی کام کیا راتوں رات دولت حاصل کرنے کی خاطر اپنے دیگر کلاس فیلوز کے ساتھ مل کر گینگ بنا لیا جنہوں نے ایک امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والی ایک کمپنی میں کام کر لیا جہاں اس لڑکی سمیرا جاوید نے کمپنی میں کام کرنے والے دیگر افراد کو بھی اپنے ساتھ کام کرنے پر آمادہ کیا اور بالآخر ایک عمان کے جیولر رانا شاہد زمان کے ساتھ تعلقات بنائے گئے انہی تعلقات کی بنا پر رانا شاہد بیٹی بنا کر سمیرا جاوید کو عمان لے گیا۔ وہاں سمیرا جاوید مختلف دولت مند غیر ملکیوں سے ناجائز تعلقات استوار کر کے پاکستان کو بدنام کر رہی تھی۔ دراصل وہ ان امیر ترین غیر ملکیوں کو پاکستان بلا کر اغوا کرنے کا منصوبہ بنا چکی تھی لیکن بدنامی کے ڈر سے رانا شاہد نے اسے واپس بھیج دیا، جس کا سمیرا جاوید کو سخت دکھ تھا کیونکہ اس کے منصوبے کو سخت دھچکا لگا تھا بدلہ لینے کیلئے سمیرا جاوید نے رانا شاہد کو بہانے سے پاکستان بلوایا جب رانا شاہد پاکستان آیا تو سمیرا نے ڈرامہ کر کے اسے اپنے گھر بلوایا کہ وہ مجبور ہے اور اس کے بھائی کا ایکسیڈنٹ ہوگیا ہے لہٰذا وہ اس کے ایک بار گھر آئے، جیسے ہی رانا شاہد وہاں گیا، سمیرا جاوید نے اپنے دیگر ساتھیوں محمد خان، محمد زاہد اور محمد زبیر کے ہمراہ اسے اغوا کر لیا اور 5 دن تشدد کا نشانہ بنایا اور آخر کار سی آئی اے نے 5 لاکھ روپے کی ایک قسط کی ادائیگی کے وقت ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرتے ہوئے مغوی کو برآمد کر لیا۔ اس حوالے سے ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور عبدالرب چودھری، ایس پی سی آئی اے خالد مسعود چودھری، ڈی ایس پی میاں شفقت اور فیاض نے ایک خفیہ آپریشن کے ذریعے اس گینگ کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ بعدازاں اس گینگ کی سرغنہ سمیرا جاوید نے ''یوتھ انٹرنیشنل'' سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ اس کی یہ پہلی کارروائی تھی لیکن اس نے جس طرح کی منصوبہ بندی کی تھی اس میں کسی قسم کا جھول نہیں تھا کیونکہ ہر پہلو پر بڑی توجہ سے کام کیا گیا لیکن سی آئی اے لاہور نے انہیں ٹریس کر لیا۔ اس نے کہا کہ اس نے اپنے دیگر ساتھیوں کو اپنے ساتھ شادی اور ناجائز تعلقات کا لالچ دیا تھا، جس کی وجہ سے یہ لوگ میرے ساتھ کام کر رہے تھے تاہم اب وہ اپنے کئے پر شرمندہ ہے اور مغوی سے معافی مانگنا چاہتی ہے۔ اس حوالے سے مغوی رانا شاہد زمان نے بتایا کہ اس نے صرف نیکی کیلئے اس لڑکی کی مدد کی مجھے سزا نیکی کرنے کی ملی ہے، میں لوگوں سے اپیل کروں گا کہ اس طرح کی لڑکیوں کے ساتھ کوئی مدد نہ کی جائے۔ رانا شاہد زمان سے جب یہ پوچھا گیا ایک انجان لڑکی کو بیٹی بنا کر عمان لے جانے اور غیر ملکی تاجروں سے ملاقاتیں کرانے میں کون سا لالچ و مقصد تھا اگر خدانخواستہ عمان میں کسی تاجر کے ساتھ ایسی اغوا کی واردات ہو جاتی تو پاکستانی کمیونٹی کے وقار کو جو دھچکا لگتا کون اس کا ذمہ دار ہوتا تو موصوف خاموش رہے۔ ☆☆

اگر خدانخواستہ عمان میں سمیرا اغوا کی واردات کر دیتی تو پاکستانی کمیونٹی کی کتنی بدنامی ہوتی



PAK OMAN
LONG LIVE
RELATIONSHIP
ZINDA BAD

پاک عمان برادرانہ تعلقات زندہ باد

سعودی عرب متحدہ عرب امارات عمان کویت اور ملائیشیا سمیت بیرون ملکوں میں ضرورتمندوں کو روزگار پر بھجوانے کا قابل اعتماد ادارہ

Mian Shamas Enterprises

Overseas Employment Promoters

Lic # MPD/2281/LHR/PAK

Office # 1-2 Kashmir Center Kutchery Road Sialkot-31510
Pakistan Tel:+92-52-4268780 Fax:+92-52-4268781
Mob:+92-300-9611824/333-8642986
Email:mseoep@cyber.net.pk, Info@mianshamasent.com
Web:www.mianshamasent.com

Mian Shamas
Managing Director

PAK OMAN
FRIENDSHIP
ZINDA BAD

پاک عمان دوستی زندہ باد

سعودی عرب متحدہ عرب امارات عمان کویت اور ملائیشیا سمیت بیرون ملکوں میں ضرورتمندوں کو روزگار پر بھجوانے کا قابل اعتماد ادارہ

Meridian International

Overseas Employment Promoters

Lic No # 2204/LHR

Asim ullah
General Manager

Iftikhar Aahmad
Managing Director

Street No. 3, Opp Jamiya Masjid Suleman Farooqia Service Road
Pindi Byepass G.T Road Gujranwala. Tel:+92-55-3733662
Fax:+92-55-3733663,3253663 Mob:+92-300-9564374,0302-6110005
Email:merdian2204@hotmail.com Web:www.meridian.20m.com

بابائے پروموٹرز، سابق سنٹرل چیئرمین پوپا چوہدری الٰہی بخش اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری سلیم الٰہی کے چھوٹے بھائی چوہدری نعیم الٰہی کی دعوت ولیمہ کی تصویری جھلکیاں

تقریب میں کراچی، سندھ، پنجاب، اسلام آباد کے ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی

مسلم لیگی رہنما چوہدری الٰہی بخش اور چوہدری سلیم الٰہی کے چھوٹے بھائی چوہدری نعیم الٰہی کی دعوت ولیمہ میں سابق گورنر ممنون حسین، سپیکر سندھ اسمبلی نثار کھوڑو، سلیم ضیاء، نعمت اللہ خان، مولانا عبدالکریم عابد، بشارت مرزا، محمد حسین محنتی، نہال ہاشمی، عرفان اللہ مروت، علی اکبر گجر، انجینئر شاہ میر، ارشد تقی، عصمت محمود، چوہدری علیم الٰہی و دیگر شریک ہیں



چوہدری الٰہی بخش پروموٹرز کمیونٹی کے ساتھ

تقریب میں ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری، چوہدری الٰہی بخش اور چوہدری سلیم الٰہی و دیگر مہمانوں کا گروپ فوٹو

چوہدری الٰہی بخش، چوہدری سلیم الٰہی مہمانوں کے ہمراہ



چوہدری الٰہی بخش پروٹیکٹر کراچی طارق شمیم کے ہمراہ



چوہدری الٰہی بخش، چوہدری ریاض، شیخ نصیر اختر، ارشد میر، فیروز خان کے ہمراہ

چوہدری الٰہی بخش ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری و دیگر مہمانوں کے ہمراہ







دعوت ولیمہ کی تقریب میں ڈائریکٹر پروٹیکٹر غلام حیدر خاصخیلی، طارق شمیم اور اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کی بڑی تعداد شریک تھی

پاکستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے پروفیشنل ٹیکنوکریٹس کو آگے لایا جائے انجینئر اظہر اقبال شیخ

ہمارا ادارہ پاکستان کو انرجی کرائسز سے نکالنے کیلئے انتھک خدمات انجام دے رہا ہے

ڈائریکٹر آپریشن سولر سیلی کون سی پی وی پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور سے خصوصی انٹرویو

چارٹرڈ انجینئر اظہر اقبال شیخ بڑے باصلاحیت، ٹیلنٹڈ اور انتھک محنتی انسان ہیں۔ ہر بڑے کام کو ایک چیلنج سمجھ کر کرتے ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن لاہور جیسے بڑی اہمیت کے حامل بڑے پراجیکٹ کو ایک چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور ریکارڈ مدت میں جدید ترین سہولتوں پر مبنی بلڈنگ کو کم از کم اخراجات میں تعمیر کر کے اپنی بے پناہ ذہنی، جسمانی صلاحیتوں، توانائیوں کا لوہا منوایا آپ پاکستان مسلم لیگ (ن) پروفیشنل ونگ کے صدر ہیں قارئین کی دلچسپی کیلئے انٹرویو شائع کر رہے ہیں۔

انرجی سیکٹر کو بیوروکریسی سے مکمل آزاد کر کے ٹیکنوکریٹس کے حوالے کیا جائے

مسلم لیگ (ن) سیکرٹریٹ لاہور پراجیکٹ کی تکمیل کا سارا کریڈٹ

چودھری نور الحسن تنویر اور ان کی کمپنی نور المستقبل کو جاتا ہے انجینئر اظہر اقبال شیخ

انجینئر اظہر اقبال شیخ صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) پروفیشنل ونگ لاہور میاں نواز شریف کے ہمراہ

انجینئر اظہر اقبال شیخ، خالد جاوید چیمہ، دوست محمد اعوان میاں شہباز شریف کیساتھ تبادلہ خیال کر رہے ہیں

انجینئر اظہر اقبال شیخ کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز

انجینئر اظہر اقبال شیخ اپنے دفتر میں یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری خالد جاوید چیمہ کو انٹرویو دے رہے ہیں

پاکستان میں انرجی کرائسز ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پیدا کیا گیا ہے انجینئر اظہر شیخ

میاں نواز شریف اور مسلم لیگی اعلیٰ قیادت نے پراجیکٹ کی تعریف کی جو میرے لیے بہت بڑا اعزاز ہے

سوال: شیخ اظہر صاحب اپنے بارے میں کچھ ہمارے قارئین کو بتائیں؟

جواب: صدیق القادری صاحب میرا آبائی تعلق علامہ اقبال کے شہر سیالکوٹ سے ہے۔ اتفاق سے میرا گھر بھی علامہ اقبال کے گھر کے قریب ہے اور دونوں گھر ایک ہی وقت میں ایک ہی طرز پر تعمیر ہوئے تھے۔ میں نے بی ایس سی مرے کالج سیالکوٹ سے کی میں نے یو کے یونیورسٹی سے الیکٹریکل انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی اور مانچسٹر یونیورسٹی سے پوسٹ گریجویشن کی اور جنرل الیکٹرک کمپنی مانچسٹر یو کے میں سروس کی یورو انجینئرنگ برسلز بیلجیم سے یورو انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی یہ بھی بتاتا چلوں پاکستان کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے کہ چارٹرڈ انجینئر اور یوروانجینئر کے حامل بہت کم لوگ ہیں۔

1986 میں بسلسلہ روزگار سعودی عرب میں 18 سال تک منسٹری آف ڈیفنس میں الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ میں بحیثیت کنسلٹینٹ کام کیا۔

سوال: مسلم لیگ (ن) میں کب اور کیسے شامل ہوئے؟

جواب: سعودی عرب ریاض میں سوشل سیکٹر میں کمیونٹی کے فلاحی کاموں میں کافی متحرک تھا۔ اس حوالے سے مسلم لیگ (ن) سے تعلق بنا جب 2000ء میں میاں نواز شریف جلا وطن ہوکر جدہ آئے اس وقت میں مسلم لیگ (ن) ریاض کا سیکرٹری اطلاعات تھا۔ میرے دوستوں اور رفقاء میں چودھری نورالحسن تنویر، طارق چیمہ، اصغر چشتی، خالد چیمہ، رانا خادم حسین، قدرت عثمان (مرحوم)، انجینئر راشد بٹ، انجینئر عدنان، امین تاجر چودھری عاشق، مرزا احمد بیگ، چودھری عبدالواحد، چودھری عبدالخالق ہم سب مشکل ترین وقت میں مسلم لیگ اور میاں نواز شریف کیلئے بہت متحرک تھے۔ اپنی سعودی عرب میں پرکشش ملازمتوں کو خطرے میں ڈال کر ریاض سے جدہ میاں نواز شریف صاحب کو ملنے کیلئے آتے تھے۔ میاں صاحب کے جرأت مندانہ موقف کی بھرپور حمایت کرتے تھے۔ مشرف کی آمریت کے خلاف اور میاں نواز شریف کے خاندان پر ظالمانہ اقدامات کی بھرپور مخالفت اور ڈٹ کر مقابلہ کرتے رہے۔ میاں نواز شریف خاندان کے عزم واستقلال کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اخبارات میں اشتہارات چھپوائے تھے۔ اکثر یہ ہوتا تھا کہ اخبار جنرل مشرف کے غیض وغضب کے ڈر سے آمریت کے خلاف اشتہارات چھاپنے سے انکار کردیتے تھے۔ ہم نے سعودی عرب ریاض میں رہتے ہوئے اپنی سرکاری ملازمتوں کو خطرے میں ڈال کر میاں نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کا

بھرپور ساتھ دیا۔ جنرل مشرف کے زیر عتاب ہمارے کئی دوست میاں صاحب سے بھرپور وابستگی اور محبت کی بنا پر اچھے عہدوں سے استعفے دیکر واپس آگئے۔ مسلم لیگ کا عملاً ساتھ دیا۔ ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کی پالیسیوں کی حمایت کی ہم نے مسلم لیگ سے تعلق رکھنے والے انجینئرز کو یکجا کرکے مسلم لیگ (ن) پروفیشنل ونگ بنایا جس کا میں لاہور کا صدر ہوں۔ مسلم لیگ (ن) کے منشور کی تیاری میں حصہ لیا سرتاج عزیز صاحب کو مشورے دیے۔ میں انجینئرنگ بورڈ پنجاب ٹیوٹا پنجاب کا ممبر ہوں۔

سوال: مسلم لیگ سنٹرل سیکرٹریٹ بنانے کیلئے پراجیکٹ ڈائریکٹر کی ذمہ داری کیسے قبول کرلی؟

جواب: پچھلے سال جب میاں نواز شریف صاحب نے مسلم لیگ سنٹرل سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن بنانے کی ذمہ داری مسلم لیگ (ن) گلف ریجن کے صدر چودھری نورالحسن تنویر کے سپرد کی تو انہوں نے میری صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے مجھے مسلم لیگ (ن) سنٹرل سیکرٹریٹ کا پراجیکٹ ڈائریکٹر بنایا اور ساتھ 120 دن کے اندر پراجیکٹ کو مکمل کرنے کا ٹارگٹ دیا۔ الحمدللہ میں نے ایک جذبے اور مشن کے تحت صاف شفاف طریقہ سے کم از کم لاگت میں بہت بڑا پراجیکٹ اعلیٰ لیگی قیادت کی خواہشات اور رہنمائی کے مطابق 120 دن کے اندر اندر پراجیکٹ مکمل کردیا۔ اس پراجیکٹ کی تکمیل کا سارا کریڈٹ چودھری نور الحسن تنویر اور ان کی کمپنی نورالمستقبل کو جاتا ہے۔ انہوں نے صاف ستھرے طریقہ سے اس پراجیکٹ میں زیر استعمال اشیاء، رقوم میں کسی قسم کی کوئی کمی یا رکاوٹ نہیں آنے دی۔ جس کی بنا پر نورالمستقبل کمپنی نے یہ پراجیکٹ ریکارڈ مدت میں مکمل کیا۔ میاں نواز شریف اور مسلم لیگی اعلیٰ قیادت نے پراجیکٹ کی تعریف کی۔ جو میرے لیے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔

سوال: آپ کا ادارہ سولر سیلی کان کیا خدمات سرانجام دے رہا ہے؟

جواب: میں یو کے کی ایک مینوفیکچرز کمپنی سیلی کان سولر پاور کمپنی کیساتھ بحیثیت ڈائریکٹر آپریشن کام کررہا ہوں۔ یہ ہمارا ادارہ پاکستان کو انرجی کرائسز سے نکالنے کیلئے انتھک خدمات انجام دے رہا ہے۔

سوال: بحیثیت اوورسیز پاکستانی چارٹرڈ انجینئر آپ نے پاکستان میں کیا انوسٹمنٹ کی ہے؟

جواب: مجھے فخر ہے کہ میں بحیثیت اوورسیز پاکستانی انگلینڈ اور سعودی عرب سے اپنی خون پسینے کی حلال کمائی سے پاکستان میں سرمایہ کاری کی ہے۔ میرے سارے اثاثے پاکستان میں ہیں۔ ہمیں بحیثیت پاکستانی اپنے ملک، اپنی زمین، عوام سے پیار کرنا چاہیے۔ اپنی مٹی سے غداری کی بجائے وفا کرنی چاہیے۔ جیسے بھی مشکلات آئیں جرأت مندی اور پامردی سے مقابلہ کرنا چاہیے تاکہ آنے والی نسلوں کیلئے اچھی مثال چھوڑ کر جائیں۔

سوال: کیا آپ بتائیں گے کہ پاکستان کو انرجی کرائسز سے کیسے نکالا جاسکتا ہے؟ (باقی صفحہ نمبر 65 پر)

اگر حکومت جگہ فراہم کرے تو میں سوئمنگ میں انقلاب پیدا کردوں گا

رانا جاوید

ماڈل ٹاؤن سوئمنگ کلب کے روح رواں رانا جاوید کا یوتھ انٹرنیشنل میگزین کو خصوصی انٹرویو



سوال: رانا صاحب آپ نے اپنے کیریئر کا آغاز کب کیا؟

جواب: میں نے 1985ء میں فرسٹ ڈویژن میں سائنس کے ساتھ میٹرک کیا۔ پھر مکینکل انجینئرنگ کی۔ پھر جم خانہ کلب کے ساتھ سوئمنگ پول پر کام کیا۔ 2001ء میں لاہور جم خانہ کو خیر آباد کہنے کے بعد میں نے ماڈل ٹاؤن سوئمنگ کلب پر دن رات کام کیا۔ یہ میری محنت کا ثمر ہے کہ آج بڑی تعداد میں لوگ اس پول پر سوئمنگ کرنے اور سیکھنے آ رہے ہیں اور ان میں بہت بڑی تعداد نوجوانوں کی ہوتی ہے۔ یہاں سے اپاہج لوگ بھی صحت یاب ہو کر گئے ہیں۔ اس پول پر اللہ کی خاص رحمت اور برکات ہیں۔ اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ میری آج کی کامیابی میں میرے والد محترم کی دعاؤں اور تربیت کا خاص ہاتھ ہے۔

سوال: رانا صاحب یہ فرمائیں کہ پاکستان میں سوئمنگ کو کیوں اہمیت نہیں دی جا رہی؟

جواب: جی اصل میں پاکستان میں کوئی ایسا سسٹم نہیں ہے جو سوئمنگ کو مکمل سمجھتا ہو یا اس کا کوئی خاص تجربہ رکھتا ہو۔ اللہ کے خاص کرم سے میں نے انٹرنیشنل لیول پر کوچنگ کورسز کئے ہوئے ہیں۔ اگر پول میں 500 لوگ نہا کر جائیں تو پول کو صاف کرنا، پانی کا لیول، پانی کی کوالٹی اور بہت سی تکنیکی چیزوں کا خیال رکھتا ہوں۔ اور میری کوشش ہے کہ میں پاکستان میں سوئمنگ کو ایک کھیل اور ایک مثبت سرگرمی کے طور پر کامیاب بنانے کیلئے محنت کروں۔

سوال: رانا جاوید صاحب! آپ کے پول میں بہت سے نوجوان سوئمنگ کرنے آتے ہیں، آپ ان کے علاوہ کن کن کی کوچنگ کرتے ہیں؟

جواب: جناب اس پول پر نہ صرف نوجوان آتے ہیں بلکہ ہمارا پول معذور لوگوں اور یتیم بچوں کی خاص تربیت گاہ ہے۔ الماس بٹ اس ادارے کی پرنسپل ہیں۔ SOS کے بچے تقریباً 10 سال سے ہمارے پاس سوئمنگ کر رہے ہیں۔ میں ان سب کو ٹرینڈ کرتا ہوں اور انہیں مفید شہری بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہوں۔ اس کے علاوہ ماڈل ٹاؤن F بلاک میں قائم سعدیہ کیمپ کے غریب بچے بھی میرے پول کے مستقل ممبر ہیں۔ نابینا اور جسمانی معذور بچے بھی ہیں جو ہمارے پول پر سوئمنگ کرتے ہیں۔

سوال: رانا صاحب آپ ماشاء اللہ کافی کام کر رہے ہیں، آپ پاکستانی حکومت سے کیا امید رکھتے ہیں؟

جواب: جی سب سے پہلے تو میں پاکستان کی نئی حکومت کو مبارک باد دیتا ہوں اور میں میاں نواز شریف اور میاں محمد شہباز شریف سے بہت امید رکھتا ہوں کہ وہ سوئمنگ جیسے

(باقی صفحہ 65 پر)

خاموش قاتل ذیابیطس

ذیا بیطس

مریض کواندر ہی اندر اپنی تخریب کاریوں سے کھوکھلا کر دیتا ہے۔ اگر آپ کی عمر چالیس کے اوپر اور وزن اوسط سے کچھ زیادہ ہے ساتھ آپ کے خاندانی پس منظر میں ذیابیطس کے شواہد موجود ہوں تو بغیر کسی تاخیر کے کسی مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

ذیابیطس دور حاضر کا وہ مرض ہے جو ایک آسیب کی طرح معاشرے کے ہر دوسرے تیسرے فرد پر مسلط ہوگیا ہے۔ کسی زمانے میں یہ مرض اتنا زبان زد عام نہیں تھا لیکن اب ذیابیطس ہر دوسرے تیسرے گھر کا مسئلہ ہے۔ اس سے محفوظ رہنے کی ترکیبیں بتائی جاتی ہیں، لٹریچر مہیا کیا جاتا ہے، ڈاکٹر حضرات مشورے دیتے ہیں بلکہ اب تو ذیابیطس کے مراکز (Diabatic Centers) جگہ جگہ کھل گئے ہیں۔ ''سب سے پہلے یہ دیکھتے ہیں کہ ذیابیطس (Diabetic) آخر ہے کیا؟'' وہ لوگ جنہیں اس مرض کا سامنا ہے ان کیلئے آسان تشریح یہ ہے کہ ہمارا جسم غذا کو ایک خاص قسم کی شوگر یعنی شکر میں تبدیل کر دیتا ہے جسے گلوکوز کہا جاتا ہے اور یہ گلوکوز خون کے دھارے میں شامل ہوجاتا ہے۔ خون کے دھارے میں شامل ہونے کے بعد یہ شکر ایک قسم کا ہارمون پیدا کرتی ہے جسے انسولین کہا جاتا ہے یہ انسولین خلیوں میں داخل ہوکر انہیں فعال رکھنے کا کردار انجام دیا کرتی ہے اور جب کوئی شخص ذیابیطس کا مریض بن جاتا ہے تو پھر ایسی صورت میں خون میں موجود شکر خلیات میں داخل نہیں ہو پاتی کیونکہ پھر مناسب مقدار میں انسولین پیدا نہیں ہو پاتا۔ جب کسی فرد کے جسم میں خلیات انسولین کی پیداوار میں رکاوٹ بن جاتے ہیں تو اس کا نتیجہ شدید قسم کے ذیابیطس کی صورت میں سامنے آتا ہے اور یہ آہستہ آہستہ پورے جسمانی نظام کو تباہ کرنے لگتا ہے، اعصاب کو تباہ کر دیتی ہے دل، جگر، آنکھوں اور جسم کے دوسرے اعضا کیلئے خطرناک ثابت ہونے لگتی ہے یعنی یہ کہا جاتا ہے کہ صرف ایک ذیابیطس کی وجہ سے مریض کو درجنوں دوسری بیماریاں گھیر لیتی ہیں تو بے جا نہ ہوگا۔

ٹائپ اوّل ذیابیطس

ذیابیطس کی قسم اوّل سے مراد یہ ہے کہ اس کے آثار بہت اوائل عمری سے ظاہر ہوجاتے ہیں جیسے بچوں میں یا نوجوانوں میں اور انہیں علاج کے طور پر انسولین کا انجیکشن لگوانا پڑتا ہے۔ اس صورت میں جسم ان خلیات کو برباد کرتا رہتا ہے جو خلیات انسولین پیدا کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ مثانے بھی انسولین پیدا کرنا بند کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے خون میں شوگر (شکر) کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور یہ فاضل شوگر پیشاب کے ذریعے خارج ہوجاتی ہے۔ ٹائپ اوّل ذیابیطس کے مریض بار بار بولی اخراج کی ضرورت محسوس کرتے ہیں اور اس وجہ سے انہیں شدید پیاس بھی لگتی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ وہ بے پناہ تھکن اور وزن کی کمی بھی اس مرض کی علامت ہیں کیونکہ جسم شوگر کو ایندھن کے طور پر استعمال کرنے سے قاصر رہتا ہے۔

ٹائپ دوئم ذیابیطس

یہ شوگر کی وہ قسم ہے جس کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا اور بہت سے لوگوں تو تو یہ احساس بھی نہیں ہو پاتا کہ وہ ذیابیطس کے مریض بن چکے ہیں۔ اس قسم کی ذیابیطس بہت دنوں کے بعد جا کر پیدا ہوا کرتی ہے اور خاص طور پر زیادہ عمر کے ان لوگوں میں جن کا وزن ضرورت سے زائد ہوا کرتا ہے۔ یہ قسم اس لئے زیادہ خطرناک ہوتی ہے کہ یہ اندر ہی اندر اپنی تخریبی کاروائیوں میں مصروف رہتی ہے اور مریض بے چارے کو اندازہ بھی نہیں ہو پاتا کہ اس کے اندر کتنی ٹوٹ پھوٹ مچ چکی ہے۔ پھر جب اس کے خون کی ترسیل کے ذرائع دل، جگر، آنکھیں روبہ انتشار ہوجاتے ہیں تو پھر پتہ چلتا ہے کہ ذیابیطس کا مریض بن چکا ہے۔ ٹائپ دوئم ذیابیطس کے مضر اثرات سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر سال آپ پابندی سے اپنا بلڈ شوگر لیول چیک کراتے رہیں۔ یہ احتیاط ان کیلئے زیادہ ضروری ہے جن کو اس مرض میں مبتلا ہونے کی قوی امکانات ہوسکتے ہیں۔

ٹائپ دوئم ذیابیطس میں مبتلا ہونے کے امکانات درج ذیل ہیں۔

1- اگر آپ کی عمر چالیس سال سے زیادہ ہے۔
2- اگر آپ کے خاندان میں کسی کو ذیابیطس کا مرض ہو۔
3- آپ کا وزن آپ کی ضرورت کے وزن سے بیس فیصد زائد ہو۔

اگر ان تینوں میں سے کوئی بھی سبب موجود ہو تو آپ کو باقاعدگی سے اپنا چیک اپ کروانا چاہئے۔ اگر خدانخواستہ آپ ہائی بلیڈ پریشر، ہائی کولیسٹرول یا دوران حمل ہائی بلڈ شوگر کے خطرے سے دوچار ہیں تو پھر آپ کیلئے یہ خطرہ بہت بڑھ جاتا ہے۔ بہت سے ڈاکٹر روٹین کے طور پر بلڈ شوگر چیک کرتے ہیں اگر آپ میں اوپر بیان کردہ تین میں سے کوئی بھی بات ہو تو فوری طور پر مکمل چیک اپ کروالیں یہ آپ کیلئے بہت ضروری ہے۔ ٹائپ دوئم ذیابیطس کے مریض کا جسم کسی حد تک انسولین پیدا کر دیتا ہے اور کسی حد تک شوگر خون میں شامل ہوجاتی ہے اسی لئے ایک طویل عرصے تک اس مرض کی موجودگی کا احساس ہی نہیں ہوتا اور احساس اس وقت ہوتا ہے جب جسم کا پورا نظام ایک دم تباہ ہوجائے۔

ایسے مریض کا علاج انسولین کے انجیکشن کے بجائے دواؤں کے ذریعے بھی کیا جاتا ہے۔ علاج کے سلسلے میں ڈاکٹرز سب سے زیادہ زور واک یعنی چلنے پر زور دیتے ہیں۔ اور اب تک دیکھا یہ گیا ہے کہ واک کرنے والے مریض بہت جلد اس مرض پر قابو پالیتے ہیں۔ اور یہ مقولہ تو بچے بچے کی زبان پر ہے کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔ لیکن شوگر کے مرض میں علاج اور پرہیز دونوں ہی ضروری ہیں۔

☆☆☆



یوتھ اینڈ ایجوکیشن

خصوصی رپورٹ

ایک محتاط اندازے کے مطابق تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے تقریباً 60 فیصد بچے انگلش کے مضمون میں کمزور ہیں۔ انٹر اور گریجویشن لیول پر انگلش میں سپلی آنے کی بڑی وجہ بھی یہی ہے کہ انگلش کا مضمون ان کی ذہنی سطح کو مدنظر رکھ کر تیار نہیں کیا جاتا۔ ہمارے دیہاتوں میں موجود طلبہ جو عموماً میٹرک تک اردو میں تعلیم حاصل کرتے ہیں انہیں کالج میں یکسر انگلش کتب پڑھنی پڑھیں تو مشکل ہوتی ہے اور یہ امر نتائج کی خرابی اور تعلیم سے فرار کا ذمہ دار بھی بنتا ہے۔

ماضی میں اگرچہ نصاب کی تبدیلی کی کوششیں کی گئیں مگر وہ ناکام اس لیے ہوئیں کیونکہ معاشرے کی ضرورت کے مطابق نہیں تھیں کسی نے اسے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ڈھالنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ طلبہ مایوسی اور بیچارگی کی کیفیت میں مبتلا ہیں جس سے نکالنے کیلئے انٹر اور بی اے کی سطح پر انگلش کا نصاب فی الفور تبدیل ہونا چاہیے۔ یہ خیبر سے کراچی تک ہر طالب علم کے دل کی آواز ہے۔ طلباء کو اس صورتحال سے نکالنے کیلئے یہ اقدام کرنا لازم ہے۔ نصاب تعلیم کو تبدیل کر لینے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ہم دیگر ممالک سے ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائیں گے یا کسی کے ساتھ ہمارے تعلقات خراب ہو جائیں گے تمام مسائل کا حل ہمارے اپنے ہاتھ میں ہے۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق تعلیم اگرچہ ایک ضروری امر ہے لیکن چند تبدیلیاں کر لینے سے اس کے معیار میں کوئی فرق نہیں پڑتا ہمارا مطمع نظر یہ ہونا چاہیے کہ ہم نے اپنے نصاب تعلیم کے بل بوتے پر ہی دنیا میں اپنا لوہا منوانا ہے۔ ہم نے اپنے طلباء کیلئے مشکل نہیں آسانی پیدا کرنی ہے۔ اپنی بقاء کی جنگ ہمیں خود لڑنی ہے۔ اپنی بقاء کی جنگ میں مشکل فیصلے کرنے والی قومیں ہمیشہ سرخرو ہوتی ہیں پاکستان میں اس وقت انٹر اور بی اے کی سطح پر انگلش کا جو نصاب رائج ہے اس میں تقریباً تمام کریکٹر غیر ملکی ہیں جبکہ تمام اسباق اور شاعری میں بھی ملکی، معاشرتی، اخلاقی یا اسلامی حوالے سے کوئی بات موجود نہیں انٹرمیڈیٹ میں مسٹر چپس اور بی اے میں اولڈ مین اینڈ وی سی اور دیگر مضامین میں کوئی بھی مواد ایسا نہیں جو ہمارے طلباء کے بچپن یا ان کی سابقہ کلاسوں کے انگلش کے نصاب ماحول یا طلبہ کی ذہنی سطح سے مسابقت رکھتا ہو۔ ہمارے طلبہ بچپن سے اپنے بڑوں سے عالمی، اسلامی اور قومی قائدین کے واقعات اور معلوماتی کہانیاں سنتے اور دیگر نصابی کتب سے انہی کریکٹرز کا مطالعہ کرتے چلے آ رہے ہیں حضور نبی کریم ﷺ، قائداعظمؒ علامہ اقبالؒ مشاہیر اور آزادی کے ہیروں اور اسلامی قائدین، تاریخی جگہوں اور ایسے ہی دیگر کے بارے میں پڑھتے اور سنتے چلے آ رہے ہیں مگر بڑی کلاسز میں یک دم غیر ملکی ہیروز اور کیرٹکرز کا کثرت کے ساتھ مطالعہ ان میں بیزاری پیدا کر رہا ہے کیونکہ ماضی میں طلباء کا ان کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں رہا ہوتا اگر یہ مضامین محدود ہوں تو زیادہ مشکل نہیں ہوتی لیکن اس کا طوالت کے ساتھ اور لازمی حیثیت سے نصاب میں شامل ہونا طلبہ کو مشکل میں ڈالے ہوئے ہے دوسری جانب ہمارے طلباء کی ایک بڑی تعداد پسماندہ علاقوں (دیہاتوں) سے تعلق رکھتی ہے جہاں اردو، پنجابی اور علاقائی زبانوں کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔ ان طلباء کیلئے انگلش کے مضمون کو سمجھنا اور اسے اپنے ذہنوں میں منتقل کرنا ناممکن کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کیلئے انگلش ناپسندیدہ مضمون تو نہیں مگر اس کے مندرجات/موضوعات ذہنی سطح سے مبراء ہیں۔ ان کیلئے ایک غیر ملکی کریکٹر کو پڑھنا، سمجھنا اور آزبر کرنا اتنا آسان نہیں جتنا اس کریکٹر حالات زندگی کو ازبر کرنا ہے جس کا ذکر ہم بچپن سے پڑھتے اور سنتے آ رہے ہیں۔

پالیسی میکرز اور پلانرز کیلئے یہ صورتحال لمحہ فکریہ ہے یہ صورتحال نہ صرف طلباء کے کیریئر کو تباہ کر رہی ہے بلکہ انہیں تعلیم سے بھی راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر رہی ہے ہمارے نزدیک طلباء کو اس مشکل سے نکالنے کا ایک حل موجود ہے نصاب میں مشاہیر آزادی، قومی اور اسلامی ہیروز اور طلباء کی ذات سے وابستہ کریکٹرز یا ان کی دلچسپی سے متعلقہ روزمرہ موضوعات کو شامل کیا جائے اور کچھ نہیں تو کم از کم انٹر کی انگلش میں مسٹر چپس کی جگہ پر حضرت محمدؐ کے حالات زندگی، اخلاق و کردار، تعلیمات اور دیگر پہلوؤں پر مشتمل ایک مکمل ناول شامل اور بی اے کی انگلش میں ناول اولڈ مین کی جگہ خلفائے راشدین یا چند صحابہؓ کا تفصیلی تذکرہ شامل کیا جائے جوان کی زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرے تاکہ طلبہ میں اپنے راہبروں، معتقدین، متعلقین اور مقصد حیات سے آگاہی پیدا ہو۔ نوجوان مستقبل کے درخشندہ ستارے ہیں اور قوم کو ان سے بڑی امیدیں وابستہ ہیں اور اگر یہی مایوس ہو کر تعلیم کو چھوڑنے لگ گئے تو وہ وقت دور نہیں جب ہم شرح خواندگی میں آخری نمبر پر پہنچ جائیں گے۔

☆☆☆

یوتھ دسترخوان

بریڈ برفی

اجزاء: بریڈ سلائس چار عدد، دودھ آدھا لیٹر، چینی ایک پاؤ، الائچی آدھا چائے کا چمچ پسی ہوئی، کیوڑا ایک کھانے کا چمچ، کھویا چورا ایک کپ، مکھن دو کھانے کے چمچ، پستے پچاس گرام باریک کٹے ہوئے۔

ترکیب: بریڈ سلائس کو دودھ میں بھگو کر دو گھنٹے کیلئے رکھیں اور پھر بلینڈر میں پیس لیں۔ اب اسے کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں اور چمچ چلاتے رہیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اس میں چینی، پسی الائچی اور کیوڑا ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پھر اس میں کھویا چورا کر کے شامل کریں۔ اس کے بعد ٹرے پر مکھن لگا کر گریس کریں اور اس میں پورا مکسچر ڈال کر آدھے گھنٹے کیلئے اوون میں بیک کر لیں۔ آخر میں نکال کر کاٹین اور پستے سے گارنش کر کے سرو کریں۔

اخروٹ کا حلوہ

اجزاء:

اخروٹ دو پیالی چھلے اور باریک کٹے ہوئے، تیل ایک پیالی، چھوٹی الائچی آٹھ عدد، کھویا ایک پیالی، چینی دو پیالی، سوجی آدھی پیالی بھنی ہوئی، بادام پستے حسب ضرورت باریک کٹے ہوئے۔

ترکیب:

کڑاہی میں تیل گرم کر کے چھوٹی الائچی ڈالیں۔ جب خوشبو آنے لگے تو اس میں اخروٹ شامل کر کے ہلکا سا بھون لیں۔ پھر کھویا، چینی اور سوجی ڈال کر مزید پانچ سے دس منٹ بھونیں۔ اوپر سے تھوڑا کھویا، بادام اور پستے ڈال کر سرو کریں۔

آلو مٹر کا دستر خوان

اشیاء:

تیل۔۔۔4 کھانے کے چمچے

پیاز (کٹی ہوئی)۔۔۔1 عدد

ہلدی (پسی ہوئی)۔۔۔ایک چائے کا چمچہ

زیرہ۔۔۔1 چائے کا چمچہ

ادرک (کٹی ہوئی)۔۔۔1 چوتھائی چائے کا چمچہ

ہرمرچ (کٹی ہوئی)۔۔۔1 عدد

آلو۔۔۔آدھا کلو

مٹر کے دانے۔۔۔1 پاؤ

ہرا دھنیا۔۔۔چند پتے

ترکیب:

ایک فرائی پین میں تیل ڈال کر کٹے ہوئے آلو شامل کریں اور انہیں 7-5 منٹ تک تل لیں، چمچے کی مدد سے ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ آلو سرمئی رنگت اختیار کر لیں۔ ایک الگ برتن میں ہلدی، زیرہ، ادرک اور ہری مرچ ملائیں اور پھر انہیں فرائی پین میں ڈال کر آلوؤں کے ساتھ 5 منٹ تک پکا لیں۔ اب مٹر کے دانے شامل کر کے 15-20 منٹ کیلئے ہلکی آنچ پر پکائیں جب آلو خستہ اور نرم ہو جائیں تو انہیں ایک پیالے میں نکال کر مہمانوں کی تواضع کیلئے پیش کریں۔

مٹر پلائو

اشیاء:

مٹر۔۔۔1 کلو

چاول باسمتی۔۔۔1 کلو

سیاہ زیرہ۔۔۔آدھا چائے کا چمچہ

ثابت کالی مرچ۔۔۔6 عدد

تیزپات۔۔۔1 پتہ

بڑی الائچی۔۔۔3 پتہ

سونف۔۔۔آدھا چائے کا چمچہ

ثابت دھنیا۔۔۔1 چائے کا چمچہ

لہسن ثابت (بغیر چھلا ہوا)۔۔۔ایک گٹھی

ادرک۔۔۔ایک چھوٹا سا ٹکڑا

پیاز (باریک کٹی ہوئی)۔۔۔دو عدد (درمیانی)

دہی۔۔۔ایک کھانے کا چمچہ

چھوٹی الائچی۔۔۔3 عدد

نمک۔۔۔حسب ذائقہ

گھی۔۔۔1 کھانے کا چمچہ

ترکیب: سب سے پہلے ایک دیگچی میں آٹھ پیالی پانی ڈالیں اس میں لہسن، ادرک، سونف، دھنیا، گرم مصالحہ اور تھوڑا سا نمک ڈال کر ابال لیں پھر چھان کر رکھ لیں، اب ایک دیگچی میں گھی ڈال کر پیاز براؤن کریں، جب براؤن ہو جائے تو آدھی نکال کر اخبار پر رکھ لیں، پھیلا کر رکھیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔ اب باقی بچی ہوئی پیاز میں دہی چھوٹی الائچی اور تھوڑا سا گرم مصالحہ ڈال کر مٹر دال دیں، تھوڑا سا بھون کر یخنی والا پانی ڈال دیں۔ جوش آنے پر چاول اور نمک ڈال کر ڈھانک دیں، چاول کا سوا سوکھ جائے تو براؤن کی ہوئی پیاز ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر توے پر رکھ دیں۔

انڈے اور سبزی کیکٹ لیٹس

اشیاء:

آلو (چوکور کاٹ کر ابال لیں)۔۔۔دو عدد

انڈے (ابلے ہوئے)۔۔۔دو عدد

گاجر (چوکور کاٹ لیں)۔۔۔دو عدد

انڈا (لگانے کیلئے)۔۔۔ایک عدد

گرم مصالحہ۔۔۔آدھا چائے کا چمچہ

نمک۔۔۔حسب ضرورت

لال مرچ (پسی ہوئی)۔۔۔ایک چائے کا چمچہ

ادرک پسی ہوئی۔۔۔ایک چائے کا چمچہ

ہرمرچ (باریک کاٹ لیں)۔۔۔تین عدد

مٹر (پیس لیں)۔۔۔ایک کپ

وائٹ سوس۔۔۔ایک کپ

ڈبل روٹی کا چورا۔۔۔حسب ضرورت

تیل۔۔۔حسب ضرورت

ترکیب:

تمام ابلی ہوئی چیزیں وائٹ سوس میں ملا دیجئے اور اچھی طرح مکس کرنے کے بعد اس کے کباب بنا کر انڈے اور ڈبل روٹی کا چورا لگا کر اسے پہلے پیس لیں پھر انہیں تیل میں تل لیں۔ اس ڈش کو اگر مزید ذائقہ دار بنانا چاہیں تو اس میں آدھا پاؤ گوشت بغیر ہڈی کا ابال کر اس کے ریشے کر کے اسے کباب میں مکس کر لیں۔

عورت کہیں جسے!

بیگم ظفر چودھری

عورت کے بارے میں بہت کچھ کہا جاتا ہے، بہت کچھ لکھا جاتا ہے۔ دنیا میں رنگینی عورت کی وجہ سے ہے۔ گھر کی رونق اور کوخو بصورتی عورت سے تعبیر کی جاتی ہے۔ بیٹی کو ہمارے دین نے نعمت قرار دیا ہے۔ ایک اچھی اور خوب سیرت بیوی قسمت والوں کو ہی ملتی ہے۔ ماں تو پھر اللہ تعالیٰ کا ایک انمول تحفہ ہوتی ہے، جو مرتے مر جاتی ہے لیکن اپنے بچوں پر آنچ نہیں آنے دیتی۔

عورت بہت سی مشکلات برداشت کرتی ہے۔ بڑی صابر ہوتی ہے۔ ہر ماحول کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لیتی ہے۔ عورت کو ہمیشہ مظلوم کہا جاتا ہے۔ اس کی زندگی قربانیوں سے عبارت ہے۔ ماں کی گود بچے کی پہلی درس گاہ کہلاتی ہے۔ ایک طرف عورت اتنی اچھی ہے تو دوسری طرف وہی عورت اگر ایک آدمی کی زندگی جنت بناتی ہے تو کہیں یہ آدمی کا بنا بنایا گھر اجاڑ دیتی ہے۔ عورت عورت کی سب سے بڑی دشمن ہوتی ہے۔

کبھی یہ نندوں کے روپ میں شیر ہوتی ہے تو کہیں یہ بھابی کی صورت میں ببر شیر ہوتی ہے۔ اگر ساس سیر ہو تو بہو سوا سیر بن کر دکھاتی ہے۔

عورتیں دیورانی اور جیٹھانی کی حیثیت سے ہوں تو ہمیشہ پاکستان اور بھارت کی طرح ایک دوسرے پر الزام تراشی کرتی ہیں۔ ان کیلئے ایک دوسری کا وجود نا قابل برداشت ہوتا ہے۔ وہ ہر وقت ایک دوسری کو نیچا دکھانے کے حربے استعمال کرتی ہیں۔

عورت بعض اوقات اتنی خودغرض بن جاتی ہے کہ پانچ، چھ بچوں کو چھوڑ کر اپنے آشنا کے ساتھ فرار ہو جاتی ہے۔ حاسد اتنی کہ دوسروں کے کاروبار اور گھر کا امن وسکون تباہ کرنے کیلئے تعویز گنڈوں کا سہارا لیتی ہے۔ تعویز وعملیات کا کاروبار عورت کے دم سے ہی قائم ہے۔

چغل خوری، جھوٹ ایک دوسرے کی برائی کرنے میں ان کا کوئی ثانی نہیں۔ عورت کبھی اپنی غلطی تسلیم نہیں کرتی۔ اگر بہو ہو تو ہمیشہ ساس کی برائی کرتی ہے، ساس کے روپ میں ہو تو بہو کو اچھا نہیں سمجھتی۔ عورت کو گھر میں نمایاں حیثیت حاصل ہوتی ہے بلکہ اس کی آئندہ نسلوں کا وجود اسی سے وابستہ ہوتا ہے۔ گھر ایک اکائی ہے اور بہت سی اکائیاں مل کر ایک معاشرہ تشکیل دیتی ہیں، جب معاشرے میں ایک اکائی اپنا کردار ٹھیک طریقے سے ادا نہیں کرتی تو معاشرہ کیسے قائم ودائم رہ سکتا ہے۔ وہ اپنا وجود کیسے برقرار رکھ سکتا ہے۔

اگر ایک عورت اپنی زندگی اسلامی طرز پر گزارنا شروع کر دے تو معاشرے سے تمام برائیاں ختم ہو سکتی ہیں اور وہ خود بھی امن و سکون سے رہ سکتی ہے۔

☆☆

یوتھ گلدستہ

نایاب باتیں

☆ کتابیں جوانی میں رہنماء، بڑھاپے میں تفریح اور تنہائی میں رفیق ثابت ہوتی ہیں۔

☆ اس دنیا میں اتنی بلند دیواروں والے محلوں میں نہ رہو کہ جس میں تمہاری آواز گھٹ جائے۔

☆ سب سے آسان کام اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے کیونکہ آدمی کو جو بات پسند ہوتی ہے، اسے عموماً وہ سچ سمجھتا ہے۔

☆ خاموش انسان، خاموش پانی کی طرح گہرے ہوتے ہیں۔ خاموشی خود ایک راز ہے۔

☆ جو گھر حاجت مند کو روٹی کا ایک ٹکڑا اور ضرورت مند کو ایک بستر کی جگہ دینے میں بخل سے کام لے، وہ بربادی کے قابل ہے۔

☆ دنیا میں نیک کام کر کے مرجانا، آب حیات پینے سے بہتر ہے۔

(نوشین سلیم ..... کراچی)

خاموشی

اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہارا رعب و دبدبہ رہے تو خاموش ہو جاؤ، کیونکہ خاموشی کے پیچھے خزانہ ہوتا ہے۔

پہاڑوں کی ہیبت کی وجہ اور صحرا کا رعب بھی خاموشی ہے۔

تم قبرستان سے ڈرتے ہو کیونکہ وہاں خاموشی ہے اس لئے اگر اپنا رعب چاہتے ہو تو خاموش ہو جاؤ۔

(ملک اشفاق شاقی ۔۔۔۔ مورگاہ)

وفا کا بدلہ

لوگ کہتے ہیں کہ وفا کا بدلہ بے وفائی ہے لیکن میں نہیں مانتی۔ کیسے مانوں، کس طرح یقین کرلوں کہ گلاب بو کر کوئی ببول کاٹے گا۔ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟

وفا کے بدلے وفا ہی ملے گی، محبت کے بدلے محبت ہی حاصل ہوگی۔ شرط اتنی ہے کہ تمہارے اپنے دل میں محبت ہونی چاہئے، پھر تمہارے چار سو محبت ہی محبت ہوگی۔

لیکن جب تمہارے اپنے ہی من کا میل دوسرے کی بے وفائی کی خار بن کے چبھتا رہے تو کوئی کیا کرے۔

(شائلہ ..... ٹھٹھہ)

پیارے اقوال

☆ وقت کی پابندی بیدار قوموں کا نشان ہے

☆ محنت اور ایمانداری ترقی کا زینہ ہے۔

☆ جوانمردی یہ ہے کہ اپنا بوجھ دوسروں پر نہ ڈالو

☆ عدل و انصاف ہی میں عزت و عظمت پوشیدہ ہے۔

☆ جس کا ارادہ اٹل اور مستحکم ہو وہ دنیا کو اپنے سانچے میں ڈھالتا ہے۔

☆ ہم دنیا کے متعلق غلط اندازہ لگاتے ہیں اور بعد میں مایوس ہو کر کہتے ہیں کہ دنیا نے ہمیں دھوکا دیا۔

☆ کسی دکھی انسان کا ٹھہرا ہوا آنسو پونچھ لینا، ہزاروں خون کے آنسو بہانے سے بہتر ہے۔

☆ جھوٹ معاشرے کا سب سے بڑا ناسور ہے۔

☆ اگر مزدور نہ ہوتے تو سرمایہ دار کبھی جنم نہ لیتے۔

☆ سفر کرنے سے پہلے ساتھی اور گھر خریدنے سے پہلے پڑوسی کو دیکھو۔

☆ اس انداز سے جینے کا تہیہ کرو کہ جس نے تمہیں ستایا ہو، وہ نادم ہو جائے اور اسے احساس ہو کہ اس نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے۔

☆ معذرت سے بڑھ کر کوئی چیز کارگر نہیں ہوتی۔

☆ محبت ایک خوبصورت لفظ ہی نہیں بلکہ ایک پاکیزہ جذبہ ہے۔

☆ انسان کی تمام خوبیوں کا مرکز زبان ہے۔

☆ مطالعہ، غم اور اداسی کا بہترین علاج ہے۔

☆ حد سے زیادہ تمنائیں انسان کو اندھا کر دیتی ہیں۔

☆ انا کا مضبوط ترین خول ہمیشہ محبت توڑتی ہے۔

☆ بادل کی طرح رہو، جو پھولوں پر ہی نہیں کانٹوں پر بھی برستا ہے۔

☆ کامیاب زندگی گزارنے کیلئے مستقبل کیلئے ضرور سوچو مگر اتنا کہ وہ حال پر اثر انداز نہ ہوسکے۔

☆ محبت کی زنجیر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے، تب بھی اس کی قید سے رہائی مشکل ہے۔

(راؤ ساجد کلیم)



مسکراہٹیں

استاد: بے موقع بارش کسے کہتے ہیں؟

شاگرد: جو بارش اسکول آنے کے بعد ہو۔

☆☆☆

والد: (بیٹے سے) پرچہ کیسا ہوا؟

بیٹا: بہت اچھا ہوا کیوں کہ پیپر پر لکھا تھا کہ ”دیئے گئے سوالات پر روشنی ڈالیے۔ اور اتفاق سے بلب میرے پرچے کے بالکل اوپر تھا۔

☆☆☆

استاد: تمام انسان مٹی سے بنے ہیں؟

شاگرد: (معصومیت سے) تو پھر انسان بارش میں کیچڑ کیوں نہیں بن جاتے۔؟“

☆☆☆

ماں: (بیٹے سے) تم سجاد کے ساتھ نہ کھیلا کرو۔ وہ خراب لڑکا ہے۔

بیٹا: پھر سجاد کو میرے ساتھ کھیلنا چاہئے۔ کیوں کہ میں تو اچھا لڑکا ہوں۔

☆☆☆

انسپکٹر: (سپاہی سے) ”تم نے چور کو گرفتار کیا؟

سپاہی: ”چور گرفتار نہیں ہوسکا اس کی انگلیوں کے نشان مل گئے ہیں۔“

انسپکٹر ..... ”کہاں ہیں وہ؟؟“

سپاہی ..... ”جی میرے گال پر۔“

(عاصمہ رحمان، راس الخیمہ)

رشید (حمید سے) مجھے حساب کے ماسٹر بہت پسند ہیں۔

حمید .... وہ کیوں؟

رشید .... وہ مجھے روزانہ کلاس سے باہر نکال دیتے ہیں۔

پہیلیاں

دیکھا ایک ایسا دربار
جس کے لاکھوں پیروکار
لے کے بیٹھے ہیں ہتھیار
اے لوگوں رہنا ہوشیار

☆☆☆☆☆

ایک کھیتی کی شان نرالی
فصل ہے سب کی سیکھی بھالی
کاٹو بے شک جتنی بار
آپ سے آپ ہو تیار

☆☆☆☆☆

ایک شے سب کی دیکھی بھالی
رہتا ہے پیٹ اس کا خالی
جو کچھ اس کے منہ میں جائے
کاٹ کر پھینکے، پرے گرائے

پہیلیوں کے جوابات

(1) بھڑوں کا چھتا (2) بال (3) قینچی۔

آپ کے نفسیاتی مسائل اور ان کا حل



یہ محبت ہے حسد نہیں

مجھے بچپن سے احساس رہا ہے کہ میرے ساتھ سخت رویہ ہے۔ میری بات کو اہمیت نہیں دی جاتی۔ چھوٹی بہن میرے کھلونے چھین لیتی، میرے بستر پر قبضہ جما لیتی، میری سائیکل لے لیتی اور اسے کوئی کچھ نہ کہتا۔ میں اپنی چیزیں اس سے لیتا تو مجھے کبھی نرمی اور کبھی سختی سے روک دیا جاتا۔ پھر میں نے غصہ کرنا شروع کر دیا تو ہمارے گھر میں ایک جیسی دو چیزیں آنے لگیں، بہر حال اب ہم دونوں کالج میں ہیں، اس کا رجحان مذہب کی طرف ہو گیا، وہ میری شکایتیں کرتی ہے۔ لڑکیوں سے دوستی خاص طور پر میری اس کو پسند نہیں۔ وہ مجھ سے جلنے اور حسد کرنے لگی۔ امی میری حمایت کرتی ہیں، پھر بھی وہ کبھی کبھار کوئی شکایت ضرور کرتی ہے۔ میں اس سے کالج میں بات تک نہیں کرتا۔ اپنے کام خود کرواتی نظر آتی ہے، حالانکہ بہت سی لڑکیاں مجھ سے پڑھتی بھی ہیں لیکن وہ اپنی ہی کلاس کی لڑکیوں میں نظر آتی ہے۔ میں سوچتا ہوں جلدی سے یونیورسٹی میں داخلہ لوں جو گھر پر میری کوئی شکایت نہ پہنچ سکے۔

(فیضان ..... راولپنڈی)

سب ہی بہن بھائیوں میں اس طرح کی چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں۔ اس کو حسد کا رنگ نہیں دینا چاہئے۔ کتنی اچھی بات ہے کہ بہن نے آپ کیلئے مسائل نہیں پیدا کئے۔ وہ صرف لڑکیوں میں رہتی ہے، اپنے کام بھی خود کرتی ہے۔ اگر وہ دوسرے لڑکوں ں سے دوستی کرے تو آپ کو کیسا لگے گا۔ اسی طرح اس کو آپ کا خواہ مخواہ لڑکیوں سے دوستی کرنا اچھا نہیں لگتا ہوگا۔ اس لئے وہ اپنائیت کے جذبے کے تحت والدہ سے کہہ دیتی ہے اس پر برا نہ مانیں، بہنوں کی عزت اور قدر کرنے والے بھائی خود بھی مطمئن رہتے ہیں۔

اپنی بھلائی چاہیں

عجیب اتفاق تھا کہ انٹرنیٹ کے ذریعے ایک لڑکے سے دوستی ہوگئی۔ ہماری ملاقات بھی ہوئی۔ پہلی ملاقات پر ہی مجھے یہ افسوس ہوا کہ وہ ہر وقت سگریٹ پیتا ہے۔ اس کی انگلیوں کے درمیان سگریٹ کے دھوئیں کے نشان تھے، پھر میں نے اس سے کبھی نہ ملنے کا ارادہ کر لیا۔ لیکن اس نے جان نہ چھوڑی، کئی بار ایسی حرکتیں کیں جن سے میں اس کا ساتھ دینے پر مجبور ہوگئی۔ ایک بار نیند کی گولیاں کھالیں۔ دوسری بار گلے میں پھندا ڈال کر پنکھے سے لٹکنے کی کوشش کی مگر موقع پر ہی والدہ نے دیکھ لیا۔ ان کی والدہ بہت ہی نیک ہیں، وہ کہتی ہیں کہ تم ہی اس سے یہ بری عادتیں چھڑواؤ گی۔ آج یا کل میں وہ ہمارے گھر آنے والی ہیں، مگر پتہ نہیں کیا ہوگا، مجھے ڈر لگ رہا ہے ویسے میں نے سوچ لیا ہے کہ اگر میری وجہ سے کوئی لڑکا سیدھے راستے پر آجائے تو اچھا ہے۔

(اے ایم ملک ..... اسلام آباد)

جو لڑکا اپنے بزرگوں کے کہنے سے سیدھے راستے پر نہ آسکا وہ آپ کا کہنا بھلا کیا مانے گا؟ یہ سوچ لیں کہ آپ کی زندگی بھی بہت قیمتی ہے، اسے کسی کے حوالے کر کے تکلیفیں سہنا کوئی عقلمندی نہیں۔ نیکی کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں، اس نے خودکشی کی کوشش کر کے آپ کو ساتھ دینے پر مجبور کیا، آنے والے وقت میں ہوسکتا ہے ایسی کوئی کوشش مشکل بن جائے۔ ہلکا یا گہرا نشہ اور اس کے ساتھ خودکشی، یہ ذہنی مریض ہونے کی علامت ہے۔ ایسے لوگ دوسروں کو کبھی خوش نہیں رکھ سکتے اور نہ کسی کی بات مان کر بہتری لانے پر تیار ہوتے ہیں بلکہ یہ چاہتے ہیں کہ اپنی مرضی پر دوسروں کو چلائیں۔ اس وقت آپ کے ذہن پر جذبات کا غلبہ ہے اور لڑکے کی بھلائی چاہ رہی ہیں، بہتر ہے کہ اپنی شادی کا فیصلہ والدین کی مرضی سے کریں اور اپنی بھلائی چاہیں۔

برا تصور

مجھے اپنی غلطیوں پر پشیمانی ہوتی ہے، اس قدر کہ کوئی کام نہیں کیا جاتا۔ اپنی مرضی سے شادی کی۔ لڑکی غصے کی تیز تھی، میں بھی نہ جھکا اور علیحدگی ہوگئی۔ اب شرمندگی کے سبب گھر والوں کے سامنے نہیں جاتا، پہلے ہی علیحدہ ہو گیا تھا۔ اب بھی اکیلا رہتا ہوں۔ بہن کا فون آتا ہے، والد بیمار ہیں، یاد کرتے ہیں تو سامنا کرتے ہوئے عجیب سا لگتا ہے، پھر تصور میں آتا ہے کہ والدہ کا جس طرح انتقال ہوا تھا، ایسے ہی والد بھی اسپتال میں داخل ہیں، وہاں سے ان کی میت لائی جا رہی ہے، میں ایمبولینس کے پیچھے روتا ہوا بھاگ رہا ہوں۔ سر پکڑ کر بیٹھ جاتا ہوں۔ یہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔

(وقاص ..... لاہور)

غلطی کا اعتراف، اقرار، احساس، شرمندگی اور ندامت ہو جائے تو راہ راست پر آتے دیر نہیں لگتی۔ کیونکہ اس تکلیف سے گزر کر انسان آئندہ غلطی کرنے سے گریز کرتا ہے۔ والد سے ملنے نہ جا کر آپ پھر غلطی کر رہے ہیں، اس حوالے سے جو خیالات ذہن میں آرہے ہیں، ان سے بچنے کا طریقہ بھی یہی ہے کہ والد سے ملنے چلے جائیں۔ ان کا سہارا بنیں۔ بہن کو احساس دلائیں کہ وہ اکیلی نہیں ہے۔ والدین کی خدمت صرف روپے پیسے سے ہی نہیں کی جاتی، اپنے ہاتھوں سے ان کو تھام کر ان کے سامنے جھک کر اور اپنی باتوں سے حوصلہ دے کر بھی کی جاتی ہے۔

☆☆☆

رشتے ناطے

رشتے ناطے

لڑکا عمر 27 سال گریجویٹ خوبصورت، بیرون ملک نیشنل فیملی سے رشتہ درکار ہے جو سیٹل بھی کرے۔

معرفت پوسٹ بکس 01 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

UET,CIVIL,Engr لڑکے کی کینیڈا میں جاب اور رہائش، اس وقت لاہور میں چھٹیوں پر، تعلیم یافتہ فیملی کیلئے ہم پلہ تعلیم یافتہ فیملی کی انجینئر ایم بی اے ڈاکٹر وغیرہ لڑکی کے والدین رابطہ کریں۔

معرفت پوسٹ بکس 02 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

27 سالہ کینیڈین (پاکستانی نژاد) کو MBBS ڈاکٹر / D.Pharm یا Lums گریجوایٹ لڑکی دراز قد شکل خوبصورت ہو۔ رشتہ درکار والدین رابطہ کریں۔

معرفت پوسٹ بکس 03 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

UK نیشنلٹی ہولڈر عمر 52 کنوارے کیلئے شہید بیوہ اور عاملہ کا رشتہ چاہئے جو ساتھ UK جا سکے۔ بیوہ معذرت

معرفت پوسٹ بکس 04 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

بیٹی 29 سالہ کینیڈین نیشنلٹی انگلینڈ اور کینیڈا سے اعلیٰ تعلیم یافتہ کیلئے صرف کینیڈا اور امریکہ میں مقیم پروفیشنل کا رشتہ چاہئے۔

معرفت پوسٹ بکس 05 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

کنوارہ کینیڈین سٹیزن MSC-39 ۔5.10' پرکشش شخصیت کیلئے تعلیم یافتہ دراز قد نہایت خوبصورت پرکشش شخصیت، دوشیزہ کا رشتہ درکار۔

معرفت پوسٹ بکس 06 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

برازیلی بزنسمین کیلئے 16 تا 25 سال کنواری لڑکی کا رشتہ درکار ہے خودمختار خواتین رجوع کریں ترجیحاً عالمہ حافظہ۔

معرفت پوسٹ بکس 07 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

❖

سویڈن نیشنل اسسٹنٹ منیجر 29 سالہ ایم بی اے بیٹے کیلئے خوبصورت خوب سیرت لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ صرف والدین رابطہ کریں۔

معرفت پوسٹ بکس 08 یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور

والدین کو اپنے بچوں کے لئے اچھے رشتوں کی تلاش ہوتی ہے اگر پسند کا رشتے مل جائے تو زندگی خوشیوں کا گہوارہ بن جاتی ہے۔ ہم اپنے اندورن و بیرون ملک قارئین کے پرزور اصرار پر رشتے ناطے میرج سروسز کے کالم کا دوبارہ سے آغاز کیا ہے۔ آپ رشتے ناطے کے کالم میں ہمیں اپنے مکمل کوائف ارسال کریں ہم میگزین میں شائع کریں گے اور اس کے جواب میں موصول ہونے والے سارے خطوط، پیغامات کو پوشیدہ رکھتے ہوئے آپ کو روانہ کر دیئے جائے گے۔ پھر اُن سے براہ راست رابطہ کرنا آپ کی ذمہ داری ہوگی اور اگر آپ کو رشتے ناطے کے کالم کے ذریعے اچھا رشتہ مل جائے تو یہ میگزین کی کامیابی ہوگی۔

یوتھ انٹرنیشنل بکس کی اجرت 200 روپے فی بکس ہے ایک ماہ کے اندر پوسٹ بکس کی معرفت آنے والے خطوط کی ڈاک فراہم کئے گئے پتہ پر ارسال کر دی جاتی ہے۔

نام ..... والد کا نام ..... عمر .....

تعلیم ..... پیشہ/مشغلہ ..... زبان ..... قوم، برادری .....

دفتر کا فون نمبر ..... موبائل نمبر ..... ای میل .....

رشتے ناطے

کالم رشتے ناطے، معرفت یوتھ انٹرنیشنل میگزین اپر سٹوری 267/A مین راوی روڈ نزد پیر مکی لاہور،

نوٹ:

شرائط وضوابط: تمام اشہارات نیک نیتی، خدمت خلق کے جذبہ سے فری شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف بڑے صفحہ پر لکھے ہونے چاہیے اگر چاہیں تو اپنا براہ راست ایڈریس اور موبائل شائع کروا سکتے ہیں۔

گھریلو مجرب طبی ٹوٹکے

چوٹ کی سوجن سے نجات کیلئے

جسم وغیرہ پر چوٹ لگنے سے اگر متاثرہ جگہ سوج جائے تو اس کیلئے اروی کو بوائل کر لیں اور میش کر کے ایک چمچ شہد ملا لیں متاثرہ جگہ پر اس کا لیپ کریں چوٹ کی سوجن دور ہو جائے گی۔

جلد کے زخم کیلئے

اگر خدانخواستہ کوئی چوٹ وغیرہ لگ جائے اور وہاں زخم بن جائے یا گہرا کٹ آجائے تو چوٹ کے اندر فوراً چونا لگا لیں چند گھنٹوں میں زخم ٹھیک ہو جائے گا۔

اگر جلد کے زخم کو فوری مندمل کرنا ہو تو پھٹکری پیس کر زخم کے اندر بھر دیں اور اوپر سے پٹی باندھ دیں زخم جلد ہی ٹھیک ہو جائے گا۔

تازہ چوٹ کے درد سے راحت کیلئے

چوٹ لگ جائے تو اس کا احساس دردناک ہوتا ہے۔ اگر صورتحال پیش ہو تو شریفہ (کسٹرڈ ایپل) کے بیج پانی میں پیس لیں اور چوٹ والی جگہ پر لیپ کر دیں درد کو فوری سکون مل جائے گا۔

زخم کا نیل مٹانے کیلئے

بعض اوقات چوٹ لگنے سے نیل پڑ جاتا ہے جو بہت بدنما لگتا ہے شہد میں تھوڑا سا نمک ملا کر نیل پر لیپ کرنے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

زخم جلد بھرنے کیلئے

کنیر کی خشک پتیاں لیں اور باریک پیس کر زخموں پر چھڑکیں زخم جلد ہی بھر جائیں گے۔

تل لیں اور اسے شہد میں پیس کر لیپ سا بنا لیں اور پھر اس لیپ کو مرہم کی مانند محفوظ کر لیں۔ جب بھی کہیں زخم لگے وہاں یہ بمثل کر دیں زخم جلد مندمل ہو جائیں گے۔

گلا خراب ہونے کی صورت میں

جب آپ کا گلا خراب ہو جائے تو نیم گرم پانی میں تھوڑا سا نمک ملا کر اس کے غرارے کریں دن میں دو تین بار کرنے سے آپ کو کافی آفاقہ ہوگا۔

آبلہ پا سے نجات کیلئے

اگر کسی وجہ سے پاؤں میں آبلہ پا پڑ جائے یا عام طور پر دیکھنے میں آیا ہے کہ نیا جوتا پاؤں میں آبلہ ڈال دیتا ہے اور یہ آبلہ بے حد تکلیف دہ ہوتا ہے۔ ایسی صورت سے گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ رات کو سوتے وقت اس آبلے پر انڈے کی سفیدی لگا دیں درد اور آبلے کو آرام آجائے گا۔

کان کا درد و دیگر شکایات سے نجات کیلئے

اگر کسی کو کسی وقت کان کا درد شروع ہو جائے تو اس کے فوری حل کیلئے مولی کو باریک باریک ٹکڑوں میں کاٹ لیجئے اور پھر اسے سرسوں کے تیل میں ڈال کر خوب گرم کر کے رس نکال لیں اور پھر اس تیل کو کسی بھی شیشی میں محفوظ کر لیں درد کے وقت کان میں چند قطرے ٹپکا لیں انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

سرکے کو گرم کر لیں اور پھر اسے دوا کی مانند بوند بوند کر کے کان میں ٹپکائیں کان کا درد بند ہو جائے گا اور کیڑے مر جائیں گے۔

سالم انار لیں اور اسے سرکہ میں ڈال کر پکائیں۔ کان سے خون جاری ہو یا کان میں شدید درد ہو تو اسے کان میں ٹپکائیں یقیناً شفا حاصل ہوگی۔

☆☆☆



شاہد چٹھہ

کے بغیر کچن اور سٹور میں وزٹ کرسکتا ہے اس اوپن آفر کی وجہ سے ہمارے ریسٹورنٹ کے کھانوں کا معیار بہت لذیذ اور اعلیٰ ہے جو ایک بار کھانا کھا کر جاتا ہے دوبارہ اسی ریسٹورنٹ میں آتا ہے ریسٹورنٹ میں 150 آدمیوں کی گنجائش ہے ایمانداری سے کام کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے کام میں بہت برکت دی انشاءاللہ ہم بہت جلد ایک جدید ترین ویلج ریسٹورنٹ کو اوپن کررہے ہیں۔سماجی خدمات کے حوالے سے شاہد چٹھہ نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی ہم سب پاکستان پر فخر کرتے ہیں پاکستانی کمیونٹی کے سکھ اور دکھ میں شریک ہوتے ہیں سوشل کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں انہوں نے کہا کہ عمان میں پاکستانی کمیونٹی بہت اچھی محبّ وطن ہے ملک وقوم کیلئے بڑے اچھے جذبات رکھتی ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کمیونٹی کے عزت وقار کو بڑھایا جائے پاکستان کے کلچر کو متعارف کروایا جائے۔سوشل تقریبات میں اضافہ کیا جائے ان لیگل امیگریشن کو سختی سے روکا جائے۔انہوں نے کہا ہم جذبہ حب الوطنی کے تحت جو پاکستان سے آرٹسٹ مسقط آتے ہیں انہیں اپنے ریسٹورنٹ کے تیار کردہ کھانے فری پیش کرتے ہیں ہمیں ان کی میزبانی پر فخر ہوتا ہے کیونکہ یہی فنکار بیرون ملک میں پاکستان کے کلچر کو فروغ دیتے ہیں اور پاکستان کی پہچان ہیں۔

بشیرالدین منیجر پی آئی اے

سہولیات دی جارہی ہیں۔جو ہمارے علاوہ کوئی اور نہیں دے رہا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت سے ٹارگٹ پورے کیے پہلے ملتان سٹیشن کا بزنس 45 کروڑ تھا۔ہم نے 3 سال میں اسے بڑھا کر پونے دو ارب پہنچا دیا۔مسقط میں بھی ہم نے اسی جذبے سے کام کیا۔ اور جیسے ہمیں اور جہاز ملیں گے ہم ان پروازوں کو 20 تک پہنچا دیں گے۔انہوں نے بتایا کہ جب میں مسقط آیا تھا اس وقت ریونیو 4 ملین تھا۔جو 3 فلائٹ کم ہونے کے باوجود اتنا ہی ہے۔

ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ہماری قومی ایئرلائن کو عمان ایئر، تھائی ایئر، ایئر بلیو اور شاہین ایئر سے مقابلہ ہونے کے باجود بہتر حکمت عملی کی وجہ سے فائدہ ہورہا ہے۔سلالہ سے سیالکوٹ پرواز کی بہت ڈیمانڈ ہے۔ یہاں سے پرواز شروع ہونے پر بہت فائدہ ہوگا۔

کمیونٹی کے نام اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پی آئی اے آپ کی اپنی قومی ایئرلائن ہے۔آپ سفر کیلئے اسے ترجیح دیں کیونکہ آپ کا دیا ہر پیسہ آپ کے اپنے گھر جارہا ہے۔

نوابزادہ رئیسانی

نوابزادہ رئیسانی: بالکل درست کہا آپ نے یہ واقعی بہت اہم مسئلہ ہے ان دنوں پاسپورٹ کا بحران سنگین شکل اختیار کر گیا ہے پاسپورٹ کی مدت ختم ہونے کی وجہ سے کئی لوگوں کی نوکریاں خطرے میں ہیں اور کافی کی ختم ہوچکی ہیں ایسے میں جب نوکری چلی جاتی ہے تو کمپنی میں فوراً بھارتی لیبر آ جاتی ہے حکومت کو یہ مسئلہ ہنگامی بنیادوں پر حل کرنا چاہیے بیرون ملک پاکستانی سب سے زیادہ زرمبادلہ بھیجتے ہیں اس لیے ان کے مسائل حل کرنا بھی حکومت کی ہی ذمہ داری ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل: غیر قانونی امیگریشن روکنے کیلئے کیا اقدامات ہو رہے ہیں؟

نوابزادہ رئیسانی: میں نے حکومت پاکستان کو ایسے مافیا کی نشاندہی کی ہے جو غیر قانونی طور پر لوگوں کو بھیجتے ہیں یہ لوگ قانونی طور پر آنیوالوں کی حق تلفی کرتے ہیں حکومت اسے لوگوں کیخلاف سخت کارروائی کرے۔

یوتھ انٹرنیشنل: پاکستانی قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے ایمبیسی کیا کررہی ہے؟

نوابزادہ رئیسانی: یہ ہمارے لیے سب سے اہم مسئلہ ہے کیونکہ پاکستان میں غیر قانونی طور پر آنیوالوں کو روکا نہیں جاتا جب یہ لوگ یہاں آ جاتے ہیں تو انہیں جیل جانا پڑتا ہے ہم پھر بھی جیلوں کے دورے کر کے ان کے مسائل معلوم کرتے ہیں اور انہیں حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ہر مہینے تین چار سو غیر قانونی داخل ہونیوالے پاکستانیوں کو بحری جہاز کے ذریعے واپس بھجوایا جاتا ہے۔حکومت پاکستان کو ان لیگل امیگریشن روکنے کیلئے فوری طور پر سخت ترین اقدامات کرنے چاہئیں۔

اظہر اقبال شیخ

جواب: قادری صاحب مجھے انتہائی افسوس اور دکھ کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے انرجی کرائسز سے نکالنے کیلئے صرف قومی سطح پر جرأت مندانہ جذبہ اور عزم کی ضرورت ہے۔واپڈا کی اجارہ داری کو ختم کر کے ڈی پرائیویٹائز کیا جائے۔صوبوں کو بجلی بنانے اور تقسیم کی اجازت دی جائے۔ پاور اسٹیشن جو بند پڑے ہیں وہ چالو کیے جائیں۔شمسی توانائی، بائیوگیس سے انرجی پیدا کرنے کا سلسلہ گاؤں اور تحصیل سطح سے شروع کیا جائے۔بجلی چوری کو سختی سے روکا جائے۔ نادہندگان کیخلاف سخت ترین ایکشن لیا جائے۔انرجی سیکٹر کو بیورو کریسی سے مکمل آزاد کیا جائے۔سب سے اہم بات یہ ہے کہ انرجی سیکٹر کی ترقی کیلئے ٹیکنو کریٹس کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انرکی کے محکموں میں ٹیکنو کریٹس کی خدمات سے استفادہ حاصل کرنا چاہیے۔

جس طرح مہاتیر محمد نے ملائیشیا کو خوشحال ترین ملک بنا دیا 24 سال پہلے سنگاپور کی فی کس آمدنی 400 ڈالر تھی اور وزیراعظم سنگاپور لی جیسی مدبر قیادت نے چار سو ڈالر سے 40 ہزار ڈالر فی کس آمدنی بنا دی۔میرے خیال میں پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے پروفیشنل ٹیکنو کریٹس لوگوں کو آگے لانا ضروری ہے۔بجلی کیلئے چھوٹے ڈیم بنانے کیلئے ملک میں اوورسیز کو سرمایہ کاری کیلئے راغب کیا جائے۔ جب اوورسیز پاکستانیز انرجی پروڈکشن میں شامل ہوں گے۔وہ اپنے بہترین تجربات کی بدولت ملک کو انرجی کرائسز سے نکال کر خود کفیل بنا دیں گے۔

بسم اللہ کے فضائل

۳۔ ہر جائز کام ''بسم اللہ'' سے شروع کرنا مستحب ہے۔

۴۔ ناجائز کام پر ''بسم اللہ'' پڑھنا منع ہے اگر کوئی شخص گناہ کبیرہ کے ارتکاب کے وقت ''بسم اللہ'' پڑھے تو کفر کا اندیشہ ہے۔

۵۔ شامی میں ہے کہ حقہ پیتے وقت اور بدبودار چیزیں جیسے پیاز لہسن وغیرہ کھاتے وقت ''بسم اللہ'' نہیں پڑھنا چاہئے۔

۶۔ جانور کو ذبح کرتے وقت ''بسم اللہ'' پڑھنا واجب ہے اگر جان بوجھ کر چھوڑ دیا جائے تو جانور مردار ہوگا۔اگر بھولے سے چھوٹ گئی تو حلال ہوگا۔

رانا جاوید

زبردست کھیل کے فروغ کیلئے کام کریں گے۔حکومت پاکستان اگر مجھے سوئمنگ کلب کی جگہ فراہم کرے تو انشاء اللہ ہم پاکستان کے نوجوانوں کو اس حد تک تربیت دے سکتے ہیں کہ وہ انٹرنیشنل لیول پر ہمارے وطن عزیز کا پرچم سربلند کرسکیں۔میں نے اپنے تجربات سے اپنی محنت سے جو علم اور اعتماد حاصل کیا ہے اس سے میں سوئمنگ میں انقلاب لاسکتا ہوں۔اور پاکستانی سوئمر پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرسکتے ہیں۔

مجھے میاں صاحبان سے بہت امید ہے کہ وہ پاکستان کے نوجوان کے مفاد کو نظر انداز نہیں کریں گے۔ہم امید رکھتے ہیں کہ میاں صاحبان حکومت بناتے ہی لاہور میں ایک بڑے سوئمنگ پول کیلئے ہماری مدد کریں گے۔ میں اس پول کا افتتاح جناب شہباز شریف صاحب سے کروانا چاہتا ہوں۔مجھے پوری امید ہے کہ میرے اس مثبت اور تعمیری کام کو حکومت پسند کرے گی اور پاکستان کے نوجوانوں کے وسیع تر مفاد کیلئے میری مدد کی جائے گی۔

سوال: رانا صاحب بہت بہت شکریہ۔اللہ آپ کو آپ کے مشن میں کامیابی عطا فرمائیں۔

جواب: شکریہ آمین۔۔۔

مبارکباد

فرزند چکوال، ہر دلعزیز سنٹرل چیئرمین پوپا

